Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# در عشقت گم شدہ

## MALAIKA SAJJAD

وہ مال میں اس کا ہاتھ پکڑ کر چلتی ہوئی ایک دکان میں داخل ہوتی ہے

یہ دریس کیسا لگے گا؟

تم پے تو ہر دریس اچھا لگتا ہے بٹ بلیک کلر میں تم بہت خوبصورت لگتی ہو.

وہ ہنستے ہوئے اُس سے باتیں کر رہی ہوتی ہے یہ جانے بغیر کے کے دور سے دو آنکھیں

انہیں اتنا بے تکلف ہوتے دیکھ کر

غصہ سے لال ہو رہی ہیں

---

وہ زینے اتر کر کچن میں گئی جہاں رافیہ بیگم ناشتہ بنا رہی تھی۔

اسلام و علیکم بڑی ماما

و علیکم اسلام میرا بچہ

Posted On Kitab Nagri

ماما کہاں ہیں

وہ دائم اور عبد الرحیم کو اٹھانے گئی ہے۔

اچھا میں آپ کی کوئی مدد کرو

نہیں میرا بچہ سب ہو گیا تم بس جا کر اپنے بڑے پاپا اور پاپا سے کہو کے فریش ہو کر آجائیں اور فارس اگر آگیا ہے تو اس سے پوچھو اضلان کب آئے گا

جی بڑی ماما

کیچن سے نکلتے ہوئے اُس کا ٹھکراو فارس سے ہوا۔

دھیان سے گڑیا لگی تو نہیں، پیار سے کہا

جو اس وقت ٹریک سوٹ میں ملبوس تھا ماتھے پر بکھرے بال ہلکی ہلکی داڑی اور مونچھوں کے درمیان مسکراتے ہونٹ گہری کالی آنکھیں اور گوری رنگت پے بھورے بال اس کی شخصیت کو اور پر کشش بناتے تھے

نہیں فارس بھائی ٹھیک ہوں۔

ماما کہاں ہیں

ناشتہ بنا رہی ہیں پوچھ رہی تھی اضلان بھائی کب تک آئیں گے

آدھے گھنٹے تک پہنچ جائے گا۔

اچھا آپ جلدی سے فریش ہو آجانے میں ناشتہ لگاتی ہو

اوکے گڑیا۔

Posted On Kitab Nagri

ملائکہ بیٹا ادھر آو شائستہ بیگم کی آواز آتی ہے

جی ماما

وہ اس وقت سیاہ ٹروزر اور شرٹ میں ملبوس لال رنگ کا دوپٹہ لیے کمر تک آتے سیاہ ریشمی بال جنہیں کیچر میں قید میک اپ سے پاک چہرہ اور چہرہ پر بلا کی معصومیت وہ اس عام سے ہو لیے میں بھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی (کیچن کی طرف جاتی ہے)

بیٹا ناشتہ لگاو

جی

ناشتہ لگاتے ہوئے پورچ سے گاڑی کے ہارن کی آواز آتی ہے۔

جس میں سے شخص باہر نکلتا ہے

گوری رنگت ماتھے پر بکھرے بال گرے آنکھیں جو نیند کے خمار سے سرخ ہو رہی تھیں ہلکی ہلکی داری کے درمیان انابی ہونٹ اور گال پر واضح گھڑا اسے اور دلکش اور پر کشش بناتا تھا وہ گاڑی سے نکل کر اندر کی جانب بڑھتا ہے

اسلاعلام میری جان کیسی ہو۔

وعلیکم السلام بھائی میں ٹھیک آپ کیسے ہیں

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک

ناشتہ لگاؤں آپ کے لیے

نہیں گڑیا ابھی میں ریسٹ کرنے جارہاہوں توڑی دیر بعد ناشتہ کروں گا

ماما کیچن میں ہیں

جی

اچھا

وہ جاتے جاتے رکھا اور بولا

وہ کہاں ہے

وہ کون شرارتا کہا

گڑیا

ا

چھا سوری بھیا بتا رہی ہوں ناراض تو نہ ہو وہ ابھی سو رہی ہے لیٹ اُٹھے کی اجکل اُس کی چھٹیاں چل رہی ہیں اسلیے ویسے آپ کیوں پوچھ رہے تھے؟ ہستے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

میں تو بس ایسے ہی ویسے تم بہت شرارتی ہوتی جارہی ہیں۔

ہاہاواقع بھائی!

ناشتے کے ٹیبل پر سب موجود ہوتے ہیں سوائے لائبہ اور اضلان کے

لائبہ کہاں ہے؟ حیدر صاحب کی آواز آتی ہاں بھی ہماری بیٹی نظر نہیں ارہی (شہیر صاحب پوچھتے ہیں)

جب سے آپ کی بیٹی کو چھٹیاں ہوئی ہیں مجال ہے جو دس بجے سے پہلے اُٹھ جانے گدھے گھوڑے بیچ کر سوی ہوتی ہے شائستہ بیگم کی طرف سے جواب آتا ہے

دائنگ ہال میں قہقہوں کی آوار گھونجتی ہے

بعد میں ناشتہ چھوٹی موٹی گفتگو کے ساتھ ہوتا ہے

ناشتے کے بعد شہیر حیدر فارس اور دائم آفس چلے جاتے ہیں

شائستہ اور رافیہ بیگم گھر کے کاموں میں لگ جاتی ہیں اور عبدالرحیم کالج اور ملائکہ بھی کالج چلی جاتی ہے۔

دس بجے کے قریب شائستہ بیگم اوپر آتی ہیں۔لائبہ بیٹا اُٹھ جاو دس بجھ گئے اور کتنا سونا ہے

جی ماما اٹھ رہی ہوں۔ جلدی اٹھ جاو میں ناشتہ لگا رہی ہوں تمہارے لیے۔

Posted On Kitab Nagri

جی !

وہ فریش ہو کر نیچے آتی ہے

کھلے سیاہ بال گلابی ہونٹ گہری شہد یہ رنگ کی آنکھیں اور گوری رنگت پے سفید سوٹ میں بہت وہ حسین لگ رہی تھی

السلام علیکم بڑی ماما!

وعلیکم اسلام

جاو بیٹا ناشتہ کر لو ٹھنڈا ہو جائے گا

جی مام!

جیسے ہی وہ کیچن میں داخل ہوتی ہے اُس کا ٹھکراو اضلان سے ہوتا ہے جو کافی بنانے کی غرض سے کیچن میں آیا ہوتا ہے

کیچن میں داخل ہوتے اُس کا ٹھکراو اضلان سے ہوتا ہے۔ جس کو دیکھ کر اسے غصہ آتا ہے کیونکہ وہ اسے بنا بتائے اسلام آباد چلا گیا تھا۔

آگئی آیاد گھر کی ابھی بھی وہی رہنا تھا وہ غصہ میں کہتی ہے

Posted On Kitab Nagri

غصے میں بھی غضب لگتی ہو اوہ ہلکا سا مسکرا کر کہتا(جس ہے وہ اُسے گھوری سے نوازتی ہے)۔

ایسا نہ دیکھو جانم بہت پیار آتا ہے اور میرا پیار کرنے کا طریقہ تمہیں پسند نہیں آئے گا۔

اُس کی ذومعنی بات پر اُس کا چہرہ شرم اور غصے سے لال ہو جاتا ہے جسے اضلان بہت غور سے دیکھ رہا ہوتا ہے.

ایسے کیا دیکھ رہے ہیں نظر لگانے کا ارادہ ہے! نہیں جانم! فکر مت کرو تمہیں میری نظر نہیں لگے گی آج ماما بابا میں سے نکاح کی بات کروں گا جب وہ تم سے پوچھیں تو ہاں کر دینا! وہ تھوڑی سنجیدگی سے کہتا ہے۔

اتنی جلدی کیا ہے ابھی تو میری سٹڈی بھی کمپلیٹ نہیں ہوتی۔

اس کی بات سن کر اضلان اس کی طرف بڑھتا ہے لائبہ اپنے قدم پیچھے کی جانب لیتی ہے اور دیوار کے ساتھ لگتی ہے۔ اضلان اِس کے قریب آکر دونوں طرف اپنے ہاتھ رکھتے ہوئے اُس پر جھکتا ہے لائبہ زور سے آنکھیں بند کرتی ہے

Posted On Kitab Nagri

چپ کر کے ہاں کر دیتا ورنہ میرے پاس ہاں کروانے کے بہت طریقے ہیں

وہ آہستہ سے اس گال تپتپاتا ہے اور کیچن سے چلا جاتا ہے اور وہ وہی کھڑی اُس کو جاتے ہوئے سے دیکھتی ہے

---

شبیر شاہ کہ تین بچے تھے سب سے بڑے شہیر پھر حیدر اور سب سے چھوٹی حمیرہ جو کہ شادی کے بعد اپنے شوہر کے ساتھ لندن میں قیام پزیر تھی۔ شبیر شاہ نے اپنے دونوں بیٹوں کی شادی اپنے دوست سفیر ملک کی بیٹیوں سے کی تھیں۔

شہیر اور رافیہ بیگم کے تین بچے تھے سب سے بڑا فارس جو حیدر اور شہیر صاحب کے ساتھ اپنا فیملی بزنس چلارہا ہے دوسرا اضلان جو MBA کرنے کے بعد اپنا علیحدہ بزنس چلارہے ہوتا ہے۔سے چھوٹا دائم جس نے کچھ دن پہلے ہی افس جوائن کیا ہے۔

حیدر صاحب کے بھی تین بچے تھے سب بڑی لائبہ جو پنجاب یونیورسٹی سے بی بی۔اے کر رہی ہے دوسری ملائکہ جو شیخ زید مڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کے دوسرے سال میں ہے اور سب چھوٹا عبدالرحیم جو ای س ایس کے دوسرے سال میں ہے

---

Posted On Kitab Nagri

وہ لاہور کے ایک پارک کا منظر تھا۔جس میں لوگ صبح صبح چہل قدمی کرنے آئے ہوئے تھے۔وہ بھی ایک ٹریک پر تیزی سے دوڑ رہا تھا۔بلیک ٹریکنگ سوٹ اور جاگرز پہنے وہ دور سے ہی ہینڈسم لگ رہا تھا۔اور جب کسی کے پاس سے گزرتا تو اس کی نظریں دور تک اس کا پیچھا کرتیں۔

بغیر آستین کی شرٹ میں سے اس کے کسرتی بازو دکھائی دے رہے تھے۔بال بے ترتیبی سے اس کے کشادہ ماتھے پر بکھرے ہوئے تھے گہری سرمئی رنگ کی آنکھیں ذہانت سے چمک رہی تھیں۔سفید چہرے پر ہلکی ہلکی سی داڑھی اور تنی اور تیکھے نقوش اس کی وجاہت کو بڑھا رہے تھے۔اوپر سے چہرے پر چھائی بلا کی سنجیدگی کئی لوگوں کو ٹھٹک کر رکھنے پر مجبور کر دیتی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ چھبیس ستائس سال کا لگتا تھا لیکن اس کے چہرے پر رعب ایسا تھا جیسے کسی تیس پینتیس سالہ بندے پر ہوتا ہے۔وہ ارد گرد کے لوگوں سے بے نیاز دوڑ رہا تھا۔چار چکر لگانے کے بعد وہ ایک بینچ کے پاس آ کر رکا اور پانی کی بوتل اٹھا کر پینے لگا۔
وہاں موجود لڑکیاں اب فرصت سے اسے دیکھنے لگیں جیسے انہیں کوئی اور کام ہی نہ ہو۔
اس نے ان کو ایک نظر بھی نہ دیکھا اور اٹھ کر وہاں سے چلا گیا۔اس پارک کے پاس ہی

Posted On Kitab Nagri

اس کا گھر تھا۔وہ سڑک پر چلتے ہوئے اپنے گھر کے مین گیٹ پر پہنچا تو گیٹ کیپر نے

جلدی سے گیٹ کھولا۔وہ اندر داخل ہوا۔

گڈ مارننگ دوہا

گڈ مارننگ بھائی

آج سورج کہا سے نکلا ہے۔تم آج جلدی کیسے اُٹھ گئی

بھائی چیختے ہوئے صدمے سے کہا

اچھا بابا مذاق کر رہا ہوں

۔امان تم کیوں میری گڑیا کو کیوں کر رہے ہو

سالار بھائی میں روز جلدی اُٹھ جاتی ہوا ناں

ہاں بھی ہماری گڑیا جلدی اُٹھ جاتی تم اسے تنگ نہ کرو ویسے بھی آج اُس کا

یونیورسٹی میں پہلا دن ہے

میں کیوں اپنی گڑیا کو تنگ کروں گا یہ میری بھی تو جان ہے۔

اچھا ٹھیک ہے اب زیادہ مکھن نہ لگاو اندر آو اور ناشتہ کرو پھر میں نے دوہا کو

یونیورسٹی بھی چھوڑنے جانا ہے

اوکے باس!

Posted On Kitab Nagri

سفیر صاحب کے تین بچے تھے سے بڑے ضامن ملک پھر رافیہ بیگم اور تیسری شائستہ بیگم

سفیر صاحب نے دونوں بیٹیوں کی شادی اپنے دوست شبیر صاحب کے بیٹوں سے کی تھی

ضامن ملک اور حرم کے تین بچے تھے سب سے بڑا اسالار پھر امان اور سب سے چھوٹی دوہا

ضامن ملک اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ مل کر اپنا فیملی بزنس چلا رہے ہیں۔

---

یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہی اتنارش دیکھ کر وہ بہت کنفیوز ہو رہی ہوتی ہے اُس کو کچھ سمجھ نہیں آرہا ہوتا کہ کس طرف جاتا ہے۔ وہ توڑا آگے جاتی ہے تو اک لڑکی نظر آتی ہے

سلام علیکم آپ کو پتا ہے آئی ٹی دیپارٹمنت کدھر ہے

والیکم اسلام نہیں کیا آج اپ کا فرسٹ ڈے ہے۔

جی

میرا ابھی اور ہمارے تو دیپارٹمنت بی سیم میں سو فرینڈز

فرینڈز (دونوں خوشی سے ہاتھ ملاتی ہیں)

ویسے آپ کا نام کیا ہے۔

دوہا اور آپ کا

Posted On Kitab Nagri

زوہا اور وہ دونوں ہسنے لگتی ہیں کیونکہ ان کے نام ملتے جلتے ہوتے ہیں

ڈیپارٹمنٹ ڈھونڈ کر وہ نوٹس بورڈ سے اپنا ٹائم ٹیبل دیکھ کر کلاس لینے چلی جاتی ہیں۔

---

ڈنر کے وقت سے لوگ شاہ مینشن میں موجود ہوتے ہیں ضامن صاحب بھی اپنی فیملی کے ساتھ شاہ مینشن اے ہوتے ہیں ڈنر کے بعد سب بڑے اندر بیٹھ کر بات چیت کر رہے ہوتے ہیں جبکہ ینگ پارٹی لان کا رخ کرتی ہے

او مائی گوڈ آج تو بڑے بڑے لوگ آئے ہیں۔ دائم دوہا تو دیکھ کر شرارت سے کہتا ہے

کیا میں یہاں نہیں آسکتی

ارے میں نے ایسا کب کہا ہم تو آپ کو ہمیشہ کے لیے یہاں لانا چاہتے ہیں

دائم برو میں بھی یہاں ہوں (ملائکہ شرارت سے کہتی ہے)

تم کب آئی

ابھی ابھی اور ویسے اس کام میں آپ کی مدد میں کر سکتی ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

واقع وہ خوشی سے چیختا ہے۔

ملائکہ !دوہا صدمے چینچتی ہے۔تم میری طرف ہو نہ کہ ان کی طرف

وہ میری بہن ہے وہ میری طرف ہو گی

نہیں وہ میری بہن ہے وہ میری طرف ہو گی

دونوں اُس کو اپنی اپنی طرف کھینچ ہوتے ہیں۔جب امان آکر انہیں روکتا ہے۔

ارے کیا کر رہے ہو چھوڑو اسے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شکر ہے مان بھائی آپ اگئے ورنہ انہوں نے میرے دونوں بازو توڑ دینے تھے

کیا کر رہے تھے تم (اضلاں ن توڑا غصہ پوجتا ہے)

کچھ نہیں برو(دائم فوراً جواب دیتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

تم نہیں سدھر سکتے فارس کہتا ہے۔

کبھی نہیں اور لان میں سب کا قہقہہ گونجتا ہے۔

لائبہ کہاں ہے، سالار پوچھتا ہے۔

وہ اپنی فرینڈ کی اینگیجمنٹ پر گی ہے ملائکہ جواب دیتی ہے

واٹ کس سے پوچھ کر گیا ہے اضلان شوکڈ سا پوچھتا ہے

اتنی دیر میں ایک گاڑی اندداخل ہوتی ہے اس میں سے لائبہ ایک لڑکے کے ساتھ باہر نکلتی ہے

اس کے ہاتھ میں لائبہ کا ہاتھ اور اک دوسرے سے اتنا بے تکلف ہوتے دیکھ کر اضلان کی آنکھیں غصے اور ضبط سے لال ہو رہی ہوتی ہیں۔

---

Posted On Kitab Nagri

ضامن صاحب شہیر اور حیدر صاحب سے سالار کی شادی کے بارے میں بات کر رہے تھے اگلے ہفتے پندرہ تاریخ کو سالار کی بارات تھی عورتوں کے بہت سے کام تھے جو کرنے والے تھے اور وہ سب اسی کے مطلق باتیں کر رہی تھیں

کل آپ دونوں نے میرے ساتھ شوپینگ پر جانا ہے مجھے تو کچھ سمجھ نہیں آ رہی محرم بیگم رافیہ اور شائستہ بیگم سے کہتی ہیں

چلو ٹھیک ہے بچیوں کو بھی ساتھ لے جائیں گے اپنی مرضی سے چیزیں لے لیں گی رافیہ بیگم کہتی ہیں

آپی ملائکہ تو نہیں جانے گی لائبہ اور دوہا کو ساتھ لے جائیں

ملائکہ کیوں نہیں جائے گی محرم بیگم پوچھتی ہے

آپ کو پتہ تو ہے بھابھی وہ بہت کم باہر جاتی ہے۔ اور شوپینگ کرنا اُسے کچھ خاص پسند نہیں اس لیے۔ وہ کہہ رہی تھی آپ خود لے آنا جو اچھا لگے

چلو ٹھیک ہے

---

اضلان ان کو دیکھ کر اندر چلا جاتا ہے

وہ دونوں ہنستے ہوئے گاڑی سے نکلتے ہیں

Posted On Kitab Nagri

السلام علیکم ایوری ون (آریان سب کو سلام کرتا ہے۔)

والیکم اسلام ارے واہ اج تو بڑے بڑے لوگ ہمارے گھر آئے ہیں دائم شرارت سے کہتا ہے

کیسے ہو آریان

ٹھیک آپ کیسے ہیں فارس بھائی

میں بھی ٹھیک

دوہالائبہ کو دیکھ کر اس کے صدقے واری جاری ہوتی ہائے آپی آپ کتنی پیاری لگ رہی ہو کسی کی نظر نہ لگے

تھینک یو بے بی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لائبہ ڈیر اضلان آپ کو دیکھ کر بہت غصے میں اندر گیا ہے

دائم لائبہ کو بتاتا ہے۔

مذاق نہ کریں میرے سادائم برو مزاق نہیں کر رہا ملائکہ سے پوچھ لو سچ میں آپی بہت غصہ میں گئے ہیں ملائکہ دائم کی بات کی تصدیق کرتی ہے۔

رہنے دو میں بھی ناراض ہوں

Posted On Kitab Nagri

آپی توڑا نچ کے رہنا دو ہا کی بات پر سب ہستے ہیں

اریان سب سے مل کر واپس چلا جاتا ہے

اریان ضامن اور حیدر صاحب کے بزنس فرینڈ کا بیٹا اور لائبہ کا بیسٹ فرینڈ ہوتا ہے۔ اریان کے جانے کے بعد سب وہی بیٹھ کر باتیں کر رہے ہوتے ہیں.

---

سالار بھائی آپ نے اپنی شادی کے بعد ان تینوں کی بھی شادی کروانی ہے پھر میری باری جلدی آجائے (دائم کی بات پر سب ہستے ہیں!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے میرے بھائی کو اتنی جلدی ہے تو ہم سالار بھائی کے ساتھ ہی تمہاری بارات لے جاتے ہیں(

لائبہ مشورہ دیتی ہے)

ارے نیکی اور پوچھ پوچھ

اچھا اب بس کرو یہ اضلاب کہاں گیا ہے فارس پوچھنا ہے

غصے میں تھے جناب دائم لائبہ کی طرف دیکھتا ہوے کہتا ہے

میں دیکھتا ہوں۔ امان کہتا اوپر اُس کے کمرے میں جاتا ہے.

Posted On Kitab Nagri

سالار بھائی میں نے اپ کی مہندی میں بہت انجوائے کرنا ہے اور دانس بھی کرنا ہے

اچھا گڑیا ٹھیک ہے۔

کس کے ساتھ،(دائم شرارت سے کہتا ہے)

دائم برو آپ کے ساتھ کرلوگی آپ فکر نہ کریں(اس کی بات پر لان میں سب کا قہقہ گونجتا ہے)

---

امان اضلان کے کمرے میں داخل ہوتا ہے۔جو نیم اندھیرے میں ڈوبا ہوتا ہے اور اضلان صوفے پے بیٹھا سگریٹ پی رہا ہوتا ہے۔

اضلان امان کو دیکھ کر سگریٹ مسل کر پھینک دیتا اور امان لائٹ جلا کر اندر داخل ہوتا ہے۔

کیا ہوا یار اتنے اندھیرے میں کیوں بیٹھا ہے؟

کچھ نہیں یار

یار سب ٹھیک ہے

ہاں یار سب ٹھیک ہے تو پریشان نہ ہو

تو کہتا ہے تو مان لیتا ہے(اضلان اس کی بات پر ہلکا سا مسکراتا ہے)اچھا تو ریسٹ کر میں بھی چلتا ہوں کافی دیر ہو گئی ہے

چل ٹھیک ہے اللہ حافظ

اللہ حافظ

Posted On Kitab Nagri

سب کے جانے کے بعد لائبہ اپنے کمرے میں آکر چینج کرتی اور فریش ہو کر جب واش روم سے باہر نکلتی ہے تو اضلان کو دیکھ کر حیران ہوتی۔

ہے بی اتنا حیران مت ہو

وہ ہوش کی دنیا میں واپس آتی ہے۔

آپ میرے کمرے میں کیا کر رہے ہیں۔

تم سے ملنے آیا ہوں (وہ صوفے سے اٹھ کر آہستہ آہستہ اس کی طرف بڑھتا ہے اور اس کو بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا ہے)

کیا کر رہے ہو اضلان چھوڑو مجھے

کس پوچھ کر گئی تھی

ماما بابا سے

مجھ سے پوچھا

نہیں کیوں کہ میں آپ سے ناراض ہوں اور اب کیا میں اپنی فرینڈ کی انگیجمینٹ پر بھی نہیں جا سکتی کیا

جا سکتی ہو پر مجھے بتانا چاہیے تھا میں لے جاتا

Posted On Kitab Nagri

تم سوئے ہوئے تھے

سویا تھا مرا نہیں تھا

اضلان

اریان کے ساتھ واپس آنے کی کیا ضرورت تھی

اضلان وہ میرا دوست ہے

آئندہ اس سے دور رہنا (اضلان توڑا سخت لہجہ میں کہتا اس بیڈ پر دھکا دیتا ہے)

تم بہت برے ہو جاو یہاں سے مجھے کوئی بات نہیں کرنی (وہ روتے ہوئے چیختی ہے)

جارہا ہوں رونا مت (اضلان اس کے آنسو دیکھ کر توڑا نرم پڑتا ہے)

وہ بھیگی پلکیں اٹھا کر اسے غصے سے گورتی ہے

اچھا بابا سوری جارہا ہوں

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اک ہفتہ گزر گیا کسی کو پتا نہیں چلا آج سالار کی مہندی تھی سب تیاریوں میں مصروف تھے اس وقت سب ملک مینشن موجود تھے اور انہیں مہندی لے کر عروج (سالار کی دلہن) کے گھر جانا تھا انہوں نے گھر کے لان میں ہی مہندی کے فکشن کا انتظام کیا تھا

فارس گھر کے اندر داخل ہوتا ہے تو ملائکہ پر نظر پڑتی ہے جو اس وقت پیلے اور گلابی رنگ کے امتیاز کی فراک پہنے، کھلے بالوں میں لوز کرل ڈالے ہلکے سے میک اپ میں وہ کوئی اپسرا لگ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ماشاءاللہ میری گڑیا تو بہت پیاری لگ رہی ہے

تھینک یو بھائی

بیٹا جلدی سے لائبہ اور دوہا لو بلاو کافی لیٹ ہو رہے ہیں

جی بھائی

وہ کمرے میں داخل ہوتی ہیں جہاں دونوں اپنا دوپٹہ سیٹ کر رہی تھیں دونوں نے پیلے رنگ کے لہنگے پہنے ہوئے تھے کھلے بالوں میں لوز کرل اور میک اپ میں وہ دونوں غضب ڈھا رہی تھیں۔

جلدی او بھائی کہ رہے ہیں (وہ اپنے دھیان میں کہتی اندر آتی ہے اور انہیں دیکھ کر رک جاتی ہے)

بہت پیاری لگ رہی ہو دونوں آج اضلان اور دائم بھائی کی تم دونوں سے نظریں نہیں ہٹنی اس بات پر کمرے میں تینوں کا قہقہہ گونجتا ہے۔

توری دیر بعد سب لوگ مہندی لے کر پہنچ جاتے ہیں جہاں ان کا بہت پر جوش استقبال ہوتا ہے.

توڑی دیر بعد دلہن کی شاندار انٹری ہوتی ہے مہندی کی رسم کے دوران خوب ہلا گلا ہوتا ہے رسم کے بعد عروج کے کزنز ڈانس فلور پر پرفوم کر رہے ہوتے ہیں، جب دوہا کے پاس ماہین آتی ہے(

ماہین دوہا کے ماموں کی اکلوتی بیٹی ہوتی ہے جو بے حد مغرور اور ضدی لڑکی ہے)

کہاں گم ہو کو کچھ پتا ہی نہیں تمہارا

Posted On Kitab Nagri

اپ کب آئی آپی

تمہیں تو بس اپنی پھپھو کی بیٹیاں نظر آتی ہیں ان کے ساتھ ہی چپکی رہتی ہو میں تو نظر ہی نہیں آتی

ایسی بات نہیں ہے آپی، آپ بیٹھیں مجھے وہ ماما بولا رہی تھی میں ان کی بات سن کر آئی ہوں۔

دیکھا پھر بھاگ گی

جب اچانک اس کی نظر امان پر پڑتی جو شلوار کمیز میں کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا ہوتا ہے پر جب اس کی نظر اُس کے ساتھ کھڑی ملائکہ پر پڑتی ہے تو اسے بہت غصہ آتا ہے اور وہ اٹھ کر ان کی طرف بڑھتی ہے مگر اُس کے پہنچنے سے پہلے امان وہاں سے چلا جاتا ہے۔

ملائکہ رکھو(ماہین اسے روکتی ہے)

جی آپی

میں تو تمہیں بہت معصوم سمجھتی تھی پر تم تو میری سوچ سے بھی زیادہ تیز ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے کیا کیا ہے آپی

اتنی معصوم مت بنو اپنی اسی معصومیت سے تو تم لڑکوں کو اپنا دیوانہ بناتی ہو اور ہر وقت امان کے ساتھ چپکی رہتی ہو شرم نہیں آتی۔

دائم جو ملائکہ کو بلانے آیا تھا اس کی آخری بات سن کر تیش میں آجاتا ہے

کیا فضول بکواس کر رہی ہو تم

Posted On Kitab Nagri

تم جیسی لڑکیوں کو میں اچھے سے جانتا ہوں آئندہ اگر میری بہن کو کچھ کہا نا تو تمہارا وہ حال کروں گا کہ یاد رکھو گی اور آئندہ میری بہن سے چار فٹ کی دوری پے رہنا

وہ ملائکہ کا ہاتھ پکڑ وہاں سے ہے جاتا ہے۔

بھائی میں نے کچھ نہیں کیا وہ نم آنکھوں سے دیکھتے ہوئے بولتی ہے۔

دائم کو اس وقت وہ کوئی نازک سی گڑیا لگ رہی ہوتی وہ اس سے آنسو صاف کرتا پیار سے اُسے گلے لگاتا ہے

ہاں میرا بچہ مجھے پتا ہے وہ تو ہے ہی پاگل لڑکی (اپنی بہن کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر اسے ماہین پر بہت غصہ ارہا ہوتا ہے) اب تم نے رونا نہیں ہے۔

چلو وہ دیکھو دوہا بلا رہی ہے جاو شاباش

آریان اور اُس کی فیملی بھی مدعو تھی ڈانس فلور پر لائبہ اور دوہا ڈانس کر رہی تھیں

میں چلی میں چلی

دیکھو پیاری کی گلی

مجھے رکے نہ کوئی

میں چلی میں چلی

ڈانس کرتے ہوئے وہ دونوں آسمان سے اتری پریاں لگ رہی تھیں

Posted On Kitab Nagri

گانے کے اختتام پر زور دار تالیاں بجتی ہیں اس کے بعد لائبہ اور آریان دانس کرنے لگتے ہیں جس دیکھ کر اضلان کو غصہ آتا ہے

جیسے ہی آریان لائبہ کا ہاتھ پکڑے لگھتا ہے اضلان آگے اکر لائبہ کا ہاتھ پکر لیتا ہے

تیرے واسطے فلک سے میں چاند لاوں گا

سولان سترہ ستارے سنگ باندھ لاوں گا۔

چاند تاروں سے کہوا ابھی ٹھہرے زرا

پہلے عشق لڑالوں اُس کے بعد لاوں گا

تیرے واسطے فلک سے میں چاند لاوں گا

سولان سترہ ستارہ سنگ ساتھ لاوں گا

وہ دونوں ایک دوسرے میں کھوئے دانس کرر ہے تھے

تالیوں کی آواز سے وہ دونوں ہوش میں آتے ہیں.

سالار اور فارس تو یہ دیکھ کر حیرت میں دوبے ہوتے ہیں جبکہ امان اور دائم نے بڑی مشکل سے اپنی ہسی کنٹرول کی ہوتی ہے۔

ملائکہ کہاں ہے (امان پوچتا ہے) وہ تو سالار اور ماموں کے ساتھ چلی گئ ہے ماہیں بتاتی ہے

Posted On Kitab Nagri

اچھا اضلان تم لائبہ دوہا اور ماہین کو لے کر جاو امان تم عبدالرحیم کو لے کر گھر پہنچو میں اور دائم پانچ منٹ تک نکلتے ہیں

اوکے!

سب واپس جانے کی تیاری میں ہوتے ہیں وہ جب ماہین ملائکہ کے پاس آتی ہے

ملائکہ فارس تمہیں اندر بلا رہا ہے جاو جلدی

جی

اپنی بے عزتی کا بدلہ ضرور لونگیں تم سے

جب وہ ماہین کے بتائے ہوئے کمرے میں داخل ہوتی ہے تو پیچھے سے کوئی اسے دھکا دیتا ہے اور کمرہ لاک کر دیتا ہے

کمرے میں اندھیرا ہوتا ہے اور ملائکہ کو اندھیرے سے بہت ڈرتی ہوتی ہے

انرھیرے میں کچھ سمجھ نہیں ارہی ہوتی وہ دروازہ کھولنے کی کوشش کرتی مگر نہیں کھولتا وہ آواز دیتی ہے پر کوئی نہیں سنتا۔رو رو کر اس کا برا حال ہو چکا ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ اس کا سانس بند کا سانس بند ہو رہا ہوتا ہے وہ وہی بیٹھ جاتی ہے جب اچانک دروازہ کھلتا ہے

وہ عروج کا بھائی ہوتا ہے جو آواز سن کر اس طرف آیا ہوتا ہے۔

آپ یہاں کیا کر رہی ہیں

اُس سے کچھ بولا نہیں جاتا

Posted On Kitab Nagri

وہ اُسے پکڑ کر باہر لاتا ہے

م۔۔۔۔۔۔۔۔جھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔کسی۔۔۔۔۔۔۔نے ل۔۔۔۔۔۔لاک کر دیا تھا

وہ اٹک اٹک کر بولتی اُس کی باہوں میں جھول جاتی ہے۔

فارس اور دائم جو واپس جا رہے تھے ملائکہ کو ایسی حالت میں دیکھ کر پریشانی سے اُس کی طرف بڑھتے ہیں

---

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

Posted On Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

لائبہ گاڑی کی کھڑی سے باہر دیکھ رہی ہوتی ہے جب دوہا کی آواز گاڑی میں گونجتی ہے۔

واو اضلان بھائی آج تو اپنے کمال کر دیا

دوہا اضلان کے کان کے پاس اونچی آواز میں بولتی ہے تو اضلان اچانک اپنا ہاتھ کان پر رکھتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوہا بیٹا میرے کان بالکل ٹھیک ہیں۔ ہاہاہا سوری بھائی ویسے آج اپ نے دانس بہت اچھا کیا تھا ماشاءاللہ آپ دونوں بہت اچھے لگ رہے تھے کسی کی نظر نہ لگے

Posted On Kitab Nagri

دوہا کی بات پھر وہ مسکرا کر اپنے ساتھ بیٹھی لائبہ کو دیکھتا جو گاڑی سے باہر دیکھ رہی ہوتی ہے مگر وہ بہت اچھے سے اضلان کی نظروں کی تپش اپنے اوپر محسوس کر رہی ہوتی ہے۔

بہت سخت نارضگی چل رہی ہے (دوہا کی بات پر لائبہ اس کو گھور کر دیکھتی ہے۔)

کسی کی ناراضگی چل رہی ہے (ماین پوچھتی ہے)

کسی کی نہیں (اضلان سرد آواز میں کہتا ہے تو وہ خاموش ہو جاتی ہے)

پانچ منٹ بعد وہ ملک مینشن پہنچتے ہیں

دوہا اور ماہین گھر کے اندر جا چکی ہوتی ہیں جبکہ اضلان گاڑی سے اترتی لائبہ کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا ہے تو وہ سیدھا اس کے سینے سے آ کر لگتی ہے

وہ غصے سے اضلان کو دیکھتی ہے تو وہ مسکرا کر اس کے گرد اپنے ہاتھ باندے کے اسے اپنے خمار میں لیتا ہے اور عقیدت سے اس کے ماتھے پر اپنے پیار کی مہر لگاتا ہے۔

اضلان کی لائبہ سے نظریں نہیں ہٹ رہی ہوتی وہ مشکل سے اپنے بے لگام ہوتے جذبات پر بندھ باندھتا ہے

اضلان چھوڑو مجھے

Posted On Kitab Nagri

کیوں میرا تو دل کر رہا ہے سالار کے ساتھ ساتھ اپنا بھی نکاح کروالو اور تمہیں داریکٹ اپنے روم میں لے جاؤں (اضلان لائبہ کی گردن میں اپنا چہرہ چھپاتے خمار آلود لہجے میں کہتا ہے )

اضلان چھوڑو کوئی دیکھ لے گا۔

اضلان اس کی طرف دیکھتا ہے جس کا چہرہ لال ٹماٹر ہوا ہوتا ہے

کب تک بھاگو گی جانم (کہتے ہوئے وہ اس کا ہاتھ چھوڑتا ہے تو وہ بھاگ کر گاڑی سے اتر کر اندر جاتی ہے۔اس کی حرکت پر گاڑی میں اضلان کا دلکش قہقہ گونجتا ہے اور وہ گاڑی سے اتر کر اندر کی جانب جاتا ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

فارس اور دائم بھاگتے ہوئے ملاکلہ کے پاس جاتے ہیں جو زین کی باہوں میں ہوتی ہے۔

دائم ملائکہ کے بے ہوش وجود کو اپنے باہوں میں لے کر سینے سے لگتا ہے

گڑیا اٹھو (دائم پیار سے اُس کے گال تپتپاتا ہے۔)

ملائکہ بیٹا اٹھو کیا ہوا ہے (فارس پیار سے اُس کے سر پر ہاتھ رکھتے کہتا ہے )

دائم غصے سے زین کی جانب دیکھتا ہے اور کچھ بولنے لگتا ہے جب فارس اُس کو روکتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

زین کیا ہوا اُسے ؟فارس سرد لہجے میں پوچھتا ہے۔

بھائی میں یہاں سے گزر رہا تھا جب مجھے سٹور سے آواز آئی میں نے دروازو کھولا تو یہ وہاں نیم بے ہوشی کی حالت میں تھی

واٹ

جی بھائی

پانی لے کر او پلیز (زین پانی لے کر اتا ہے فارس ملائکہ کے منہ پر پانی کی ہلکی ہلکی چھینٹیں مارتا ہے تو وہ ہوش میں اتی ہے

بھائی،اس کی ہلکی سی آواز سن کر ان کے جان میں جان آتی ہے

کیا ہوا تھا میری جان بتاؤ مجھے (فارس اُسے اپنے ساتھ لگا تا کہتا ہے تو وہ اسکے سینے سے لگ کر رونا شروع کر دیتی ہے۔جس سے دائم اور فارس پریشان ہو جاتے ہیں)

گڑیا میری جان کیوں رو رہی ہو کیا ہوا تھا بتاؤ مجھے میں اُسے زندہ نہیں چھوڑوں گا (دائم پیار سے کہتا اسے کے سر پے ہاتھ پھیر تا

آخر میں سخت لہجہ میں کہتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

ملائکہ جب کوئی جواب نہیں دیتی تو فارس دیکھتا ہے کہ وہ دوبارہ بے ہوش ہو چکی تھی

دائم گاڑی نکلاو! ہاسپٹل لے کر جاتا ہے اسے۔

جی بھائی! اور ہاں زین یہ بات کسی کو پتہ نہ چلے

جی بھائی

♡♡♡♡♡ ________________ ♡♡♡♡♡

فارس اپنے باہوں میں ملائکہ کو اٹھا کر گاڑی کی طرف جاتا ہے۔

ہاسپٹل پہنچ کر اُسے ایمر جنسی وارڈ میں لے جاتے ہیں

وہ دونوں باہر پریشان کھڑے چکر لگا رہے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دائم اضلان کو فون کر دو ہم لیٹ ہو جائیں گیں گھر میں سب سنبھال لے

جی بھائی

دائم سائڈ پر جا کر کال کر کے واپس آتا ہے تو ڈاکٹر کو نکلنے دیکھ دونوں ڈاکٹر کی طرف بڑھتے ہیں۔

کیا ہوا ڈاکٹر سب ٹھیک ہے؟ فارس پریشانی سے پوچھتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

سٹریس لینے اور خوف کی وجہ سے بے ہوش ہوئی تھیں۔ آپ ایسی کوئی بات نہ کریں جس سے وہ سٹریس لیں اور جن چیزیں سے وہ درتی ہیں ان سے دور رکھیں زیادہ سٹریس لینے کی وجہ سے نروس بریک داون ہو سکتا جن سے ان کی جان بھی جا سکتی ہے۔

آپ میرے کیبن میں آئیں آپ کو میڈیسن کا بتا دیتا ہوں گی

جی

کون کر سکتا ہے یہ (فارسی کہتا ہے) ماہین! (دائم کو پورا یقین ہوتا ہے کہ یہ حرکت ماہین کی ہے)

واٹ تم اتنے یقین سے کیسے کہہ سکتے ہو

اُس کے بعد دائم نے مہندی والا سارہ واقعہ فارس کو سنایا (فارس اور دائم کو ماہین پر اتنا غصہ آیا تھا کہ اگر وہ ان کے سامنے ہوتی تو وہ اسے جان سے مار دیتے۔ اس کی وجہ سے ان کی بہن کی یہ حالت ہوتی تھی

وہ دونوں کمرے میں داخل ہوتے ہیں تو نظر سامنے لیٹی ملائکہ پر پرتی ہے جو چھت کو گھور رہی ہوتی ہے فارس اس کے پاس جا کر پیار سے اُس کے سر پے ہاتھ رکھتا ہے

گڑیا میری جان کیسی طبیعت ہے اب

Posted On Kitab Nagri

بہتر ہے بھائی (وہ مسکرا کر جواب دیتی ہے تو ان دونوں کی جان ہیں جان اتی ہے)

بھائی کی جان ڈرا دیا تھا تم نے (دائم اُس کے گال کو پیار سے کھینچتے ہوئے کہتا ہے)

بھائی مجھے گھر جانا ہے۔

چلتے ہیں بس یہ دریپ ختم ہو جائے (فارس کہتا ہے)

نہیں بھائی مجھے ابھی جانا ہے

وہ ضدی لہجے میں کہتی دونوں کو پریشان کر دیتی ہے

کیوں (دائم پوچھتا ہے)

یہاں پر دوائیوں کی اتنی گندی سمیل آ رہی ہے (وہ اپنے منہ کے عجیب و غریب ڈیزائن بنا کر کہتی ہے تو ان دونوں کا کمرہ میں قہقہ گونجتا ہے جس پر وہ ان دونوں کو گھورتی ہے۔

اچھا بابا سوری ہم ابھی چلتے ہیں فارس کے کہنے پر وہ ہلکا سا مسکراتی ہے

Posted On Kitab Nagri

♡♡♡♡♡_______________________♡♡♡♡♡

لائبہ کپڑے بدل کر باتھروم سے باہر نکلتی ہے تو سامنے کھڑے اضلان پر نظر پڑتی ہے جو ہستے ہوے اسے دیکھ رہاہو تا ہے

کیامسلہ ہے اضلان کیوں میرے روم میں آئے ہو (لائبہ اُسے دیکھ کر واپس جانے لگی ہوتی ہے تو اضلان اس کاارادہ بھانپ کر ایک ہی جست
میں اس تک پہنچھ کر بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا ہے)

کیاہے اضلان چھوڑو مجھے

سوری جانم معاف کر دو تمہیں اُس کے ساتھ دیکھ کر غصہ آگیا تھا اور تم مجھے بتا کے بھی نہیں گی تھی۔

آپ اسلام آباد مجھے بتا کر گئے تھے (اس کے انداز پر اضلان باشکل اپنا ہسی کا گھلا گھونٹا ہے)

اوتو اس بات پے ناراض ہوا چھا سوری، جانم پلیز. معاف کر دو ضروری کام تھا

Posted On Kitab Nagri

کام زیادہ ضروری ہے یا میں

جانم تم زیادہ ضروری ہو تم اضلان شاہ کی جان ہو دل کی ڈھرکن ہو سکوں ہو تم جنون ہو میرا تمہارے بغیر میری زندگی میں صرف وحشتیں ہیں(وہ شدت سے اس کے ماتھے پر اپنے لب رکھتا ہے اضلان کی باتیں اور شدت بھرا لمس محسوس کر کے لائبہ کو اپنی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ محسوس ہوتی ہے)

اچانک اضلان کا فون رنگ کرتا ہے جس سے وہ دونوں ہوش میں آتے ہیں وہ دیکھتا ہے تو دائم کا فون ہوتا ہے۔

دائم یار کہاں رہ گئے ہو تم لوگ اور ملائکہ بھی نہیں ائی گھر ماما بتا رہی تھی کہاں ہے وہ

ہم لیٹ ہو جائیں گے ملائکہ ہمارے ساتھ ہی ہے

کیوں لیٹ کیوں ہو گے

ملائکہ ہاسپٹل میں ہے

وات کیوں کیا ہوا ٹھیک تو(وہ پریشانی سے پوچھتا ہے)

گھر اکر سب بتاتا ہوں۔

Posted On Kitab Nagri

میں آتا ہوں ہاسپٹل۔

نہیں بھائی آپ گھر میں سب سنبھال لیں

ہم ایک گھنٹے تک آتے ہیں۔

اوکے دھیان رکھنا

جی بھائی

فون بند کر کے سائڈ ٹیبل پر رکھتا ہے

کیا ہوا سب ٹھیک ہے

ملائکہ ہاسپٹل میں ہے۔

کیا مگر کیسے کیوں (پریشانی سے پوچھتی ہے)

دائم نے کچھ بتایا نہیں چلو نیچے چلیں ماما کو پتا چلا تو پریشان ہو نگی

ہمم چلو

سالار فارس اور دائم ابھی تک نہیں ہے فون کو انہیں (ضامن صاحب کہتے ہیں)

جی بابا کرتا ہوں

ملائکہ کہاں ہے وہ آگئی ہے کیا (حیدر صاحب پوچھتے ہیں)

Posted On Kitab Nagri

چھوٹے بابا وہ بھی فارسی اور دائم کے ساتھ ہے میری بات ہوئی ہے دائم سے وہ بس ارہے ہیں آپ جاکر آرام کریں(سڑیون سے اترتے اضلان نے جواب دیا)

اچھا!وہ جب آجائے تو مجھے بتادینا

حیدر اور ضامن صاحب اپنے کمروں کی جانب چلے جاتے ہیں

♡♡♡♡________________________________♡♡♡♡

کیاہوا پریشان لگ رہے ہو سب ٹھیک ہے تو اضلان ساری بات بتاتا ہے تو وہ پریشان ہو جاتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تینوں وہاں لاونج میں بیٹھ کر انتظار کر رہے ہوتے ہیں

کچھ دیر بعد گاڑی کے ہارن کی آواز آتی ہے دائم ملائکہ کا ہاتھ پکڑے اندر داخل ہوتا ہے فارس بھی ان کے پیچھے ہوتا ہے

لائبہ بھاگ کر ملائکہ پاس جاتی ہے اور اسے گلے سے لگاتی ہے

میری جان تم ٹھیک ہو۔

Posted On Kitab Nagri

جی آپی میں ٹھیک ہو

سالاد اس کے سر پر پیار سے ہاتھ رکھتا ہے اور پوچھتا ہے۔ گڑیا کیا ہوا تھا بیٹا بتاؤ

اضلان ملائکہ کو صوفے پر بیٹھاتا خود اس کے ساتھ بیٹھتا ہے
گڑیا بتاؤ کیا ہوا تھا (اس کے پوچھنے پر وہ رونا شروع کر دیتی ہے تو اضلان پیار سے اُس کے آنسو صاف کرتا اپنے سینے سے لگاتا ہے)

بیٹا پریشان نہ ہو آپ کو ڈرنے کی ضرورت نہیں آپ کے بھائی ہیں بتاو کیا ہوا تھا۔ (سالار اُس کے سر پر پیار سے ہاتھ رکھتا بولتا ہے)

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مالکہ بولو میری جان کیا ہوا تھا (لائبہ پیار سے کہتی ہے تو وہ اسے ساری بات بتاتی ہے کہ ماہین اس کے پاس آئی اور کہا کی فارس بلا رہا ہے اور کیسے پھر وہ کمرے میں لاک ہوئی اس کی بات سن کر دائم غصے میں آجاتا ہے۔)
چھوڑوں گا نہیں میں اُسے پہلے بھی اس نے میری بہن کو رولایا تھا اور اب پھر

Posted On Kitab Nagri

دائم کی بات سن کر سب سوالیہ نگاہوں سے اس کی جانب دیکھتے ہیں تو وہ مہندی کا سارا واقعہ سناٹا جیسے سن کر سب کو بہت غصہ آتا ہے۔

لائبہ ملائکہ کو کمرے میں لے جاو (اضلان اپنا غصہ ضبط کرتا کہتا ہے تو وہ اُسے کمرے میں لے جاتی ہے۔)

بے بی سو جاو میں یہیں ہوں۔
پکا آپ جاوگے تو نہیں مجھے ڈر لگتا ہے
بے بی میں یہیں ہو تم سو جاو (وہ پیار سے اس کے ماتھے کو چومتی ہے اور اُس کے سر پر پیار سے ہاتھ پیرنے لگتی ہے جس سے وہ جلد ہی نیند کی وادیوں میں اتر جاتی ہے۔

♡________________________♡

تقریباً رات کے دو بجے امان ائرپورٹ پر کھڑا کسی کا انتظار کر رہا ہوتا ہے جب دور سے کوئی عورت اشارہ کرتی اس کی طرف بڑھتی ہے

♡♡♡♡________________________♡♡♡♡

Posted On Kitab Nagri

امان اس کی طرف بڑھتا ہے

اسلام و علیکم پھپھو کیس ہیں (امان حمیرا کی گود سے دو سال کی

ایمان کو لیتا ہے اور ان کا سامان گاڑی میں رکھنے لگتا ہے)

میں ٹھیک تم کیسے ہو بیٹا

جی ٹھیک ہوں انکل نہیں آئے

نہیں انہیں کچھ کام تھا

اچھا چلو بچو گھر چلیں (وہ ایمان کو واپس حمیرا کو دیتا ہے اور عبداللہ اور زینب کو کہتا ہے جو آدھے نیند میں اور آدھے جاگ رہے ہوتے ہیں امان انہیں بیٹھا کر خود ڈراوینگ سیٹ سنبھالتا ہے اور گاڑی گھر کی طرف روانہ کرتا ہے)

(حمیرا شہیر اور حیدر صاحب کی چھوٹی بہن ہیں جو سالار کی شادی اٹینڈ کرنے ائی ہوتی ہیں آنا تو انہوں نے دو دن پہلے تھا پر موسم خرابی کے باعث ان کی فلائیٹ ڈیلے ہو گئ)

وہ لوگ فجر کے وقت گھر پہنچتے ہیں بڑے سب جاگ رہے ہوتے ہیں جبکہ ینگ پارٹی نماز پڑھ کر دوبارہ سو چکی ہوتی ہے سب سے مل کر وہ آرام کرنے چلے جاتے ہیں

صبح ہر طرف گہما گہمی ہوتی ہے بارات کی تیاریاں عروج پر ہوتی ہیں

لائبہ ملائکہ کو دوہا ابھی اٹھا کر نیچے گئ ہوتی ہے جب عبدالرحیم کمرے میں آتا ہے

اٹھ گئی میری بہنیں

Posted On Kitab Nagri

ہمم اٹھ گئے ہیں (لائبہ کہتی ہے

وہ لائبہ کے پاس جا کر اس کے کان میں کہتا ہے)

سویٹی بات سنو

ہمم

یہ لٹل فیری کو کیا ہوا ہے

طبیعت نہیں ٹھیک نیند میں ڈر گئی تھی

اوو میں ابھی ٹھیک کر دوں گا (وہ ملائکہ کی طرف جاتا ہے)

ارے مائے لٹل فیری کیا ہوا (وہ ملائکہ کے گال کھینچتا ہوا کہتا ہے)

وہ اپنا گال سلاتی حیران ہوتی اسے دیکھتی ہے)

کیا ہوا (وہ دوبارہ پیار سے پوچھتا ہے)

عبدالرحیم تمہیں بخار تو نہیں ہو گیا مجھ سے ہی بات کر رہے ہو نہ (وہ لائبہ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے جو منہ نیچے کر کے ہس رہی ہوتی ہے)

کوئی شک

ہمم نہیں (وہ غور سے اسے دیکھتے ہوئے کہتی ہے جو آنکھوں میں شرارت لیے اسے ہی دیکھ رہا ہو اور اسے سمجھنے کا موقع دیا بغیر اس کے کیچر میں قید بال کھول کر بھاگ جاتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

عبدالرحیم کے بچے میں تمہیں چھوڑو گئی نہیں( وہ اس کے پیچھے بھاگتے ہوے کہتی ہے اب عبدالرحیم آگے آگے اور ملائکہ پیچھے پیچھے ہوتی ہے جبکہ لائبہ انہیں اک دوسرے کے پیچھے بھاگتے دیکھ ہس ہس کے لال ہو چکی ہوتی ہے)

عبدالرحیم رک جاؤ

نہیں میں نے مرنا رک کر

ملائکہ بھاگتے ہوئے اپنے سامنے حمیرا بیگم کو دیکھ کر اچانک رکتی ہے)

پھپھو آپ (وہ اتنا اونچا بولتی ہے کہ لائبہ کمرے سے باہر نکلتی ہے تو حمیرا بیگم کو دیکھ کر اس سے ڈبل آواز میں بولتی ہے)

پھپھو(اس کے کہنے پر عبدالرحیم اپنے کانوں پر ہاتھ رکھتا ہے)

بہنوں کیا ہو گیا ہے آہستہ بولو(وہ دونوں کو دیکھ کر کہتا جو بھاگ کر حمیرا بیگم کے گلے لگی ہوتی ہیں)

پھپھو کب آئی آپ(ملائکہ کہتی ہے)

ہم نے آپ کو بہت مس کیا(لائبہ کہتی ہے)

میں نے بھی بہت مس کیا(حمیرا بیگم باری باری ان کے گال پیار سے چومتے ہوے کہتی ہیں جب اچانک پیچھے سے عبداللہ اور زینب کی آواز آتی ہے)

آپی(وہ بھاگتے ہوئے آتے ہیں اور ان دونوں کی گود میں بیٹھ جاتے ہیں) آپی میں نے اپ کو بہت مس کیا(عبداللہ ملائکہ سے کہتا ہے)

میں نے بھی بہت مس کیا آپ کو

Posted On Kitab Nagri

آپ میں آپ کو اپنے ساتھ لے کر جاو گا اب

کیوں میری بہن کو کیوں لے کر جاو گے (عبدالرحیم مصنوعی غصے سے کہتا ہے)

میری بہنا ہے (کمرے میں ان دونوں کو ضد کرتے دیکھ سب کا قہقہ گونجتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، آرٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

www.kitabnagri.com

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ملک مینشن میں سب برات کیلئے تیار ہو رہے تھے

لائبہ ملائکہ دوہا تینوں نے ریڈ اور گولڈن کمبینیشن کے لہنگے میں کھلے بالوں اور میک اپ میں وہ تینوں بہت خوبصورت لگ رہی تھیں

توڑی دیر میں سب برات لے کر میرج ہال پہنچتے ہیں جہاں ان کا شاندار استقبال ہوتا ہے

نکاح کے اعجاب و قبول کے بعد کچھ رسمیں ہوتی ہیں دودھ پلائی کی رسم میں خوب ہلا گھلا ہوتا اس کے بعد رخصتی کا وقت آتا اور عروج کے والدین اسے اپنی دعاؤں میں رخصت کرتے ہیں

سالار سب کاموں سے فارغ ہو کر اپنے کمرے کی طرف آتا ہے جہاں دروازہ پر لائبہ ملائکہ دوہا کھڑی ہوتی ہیں

بھائی آج ہم اپ کو اندر نہیں جانے دیں گے (ملائکہ کہتی ہے)

اندر جانے کے لیے آپ کو ہماری بات ماننی پڑے گی (دوہا کہتی ہے)

کونسی بات (سالار معصوم شکل بنا کر کہتا ہے)

آپ ہمیں پیسے دیں ہم آپ کو آپ کی دلہن کے پاس جانے دیں گے (سالار اپنا والٹ نکال کر انہیں پکڑاتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

اتنی جلدی ہے آپ کو اور جانے کی (ملائکہ معصوم شکل بناتی حیران ہوتی پوچھتی ہے تو سب کا قہقہ گونجتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ولیمے کا فنکشن لاہور کے مشہور ہوٹل میں ہوا جس میں مشہور بزنس مین اور سیاستدان مدعو تھے

لائبہ بے بی پینک کلر کی ساڑھی میں بالوں کا سٹائلش سا جوڑا میں جس سے اس کی سفید سراحی دار گردن نظر ارہی تھی اور بولڈ میک اپ میں وہ کوئی مغرور حسینہ لگ رہی تھی

لائبہ میری بات سنو (لائبہ جو مہمانوں کے بیچ کھڑی کسی سے بات کررہی تھی امان کے بلانے پر اس کی طرف جاتی ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یس برو کیا ہوا پریشان لگ رہے ہیں

لیلی مہندی کی رات کیا ہوا تھا

م۔۔۔مہندی کی رات کچھ نہیں

لیلی سچ جاننا ہے

کچھ بھی نہیں ہوا تھا برو

ملائکہ ہاسپٹل میں کیوں تھی

Posted On Kitab Nagri

و---وہ----برو

لیلی پلیز

وہ برو مہندی پر

لائبہ (لائبہ ابھی بتانے لگی ہوتی ہے جب پیچھے سے ماہین اسے آواز دیتی ہے)

ہمم

وہ ملائکہ تمہیں بلا رہی ہیں اور امان کو ضامن انکل بلا رہے ہے

کیوں کیا ہوا ملائکہ ٹھیک ہے (امان پوچھتا ہے)

ہا--ہاں---وہ ٹھیک ہے تمہیں انکل

بلا رہیں ہیں

اچھا (امان وہاں سے چلا جاتا ہے)

لائبہ جانے لگتی ہے جب ماہین اپنا پاؤں آگے کرتی ہے جس سے لائبہ گرتے گرتے بچتی ہے

اوو دھیان سے لائبہ (لائبہ اس کی بات اگنور کرکے وہاں سے چلی جاتی ہے مگر دور سے یہ اضلان کو یہ دیکھ کر ماہین پر اور غصہ آتا ہے اور غصے میں اس کی طرف بڑھتا ہے اور کھینچ کر ہال کی ایک سائد پر لے جاتا ہے اور ایک سائد پر دھکا دیتا اور وہ دیوار سے جا کر لگتی ہے

کیا بدتمیزی ہے اضلان

شش آواز آہستہ پہلے تم نے میری بہن کو تکلیف پہنچائی اور اب لائبہ کو تمہاری ہمت بھی کیسے ہوئی

Posted On Kitab Nagri

ا۔۔اض۔۔۔اضلان م۔۔۔میں نے کچھ نہیں کیا(اضلان کے سخت اور سرد لہجے میں کہنے سے ماہین در جاتی ہے)

شٹ آپ جسٹ شٹ یور ماؤتھ

آئندہ اگر تم ملائکہ یالائبہ کے پاس نظر آئی یا کوئی الٹی سیدھی حرکت کی تو میں تمہارا وہ حال کروں گا کہ تم خود تک کو بول جاوگئ اور یاد رہے گا تو صرف اضلان شاہ اور یہ کے وہ کتنا درندہ صفت انسان ہے(اضلان کہتے ہی اس کو وہی چھوڑ کر چلا جاتا ہے جبکہ ماہین ابھی تک اس کی باتوں کے اثر میں ہوتی ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

یہ منظر ایک سیکریٹ روم کا ہے جہاں اک شخص اپنے ملازموں پر غصہ میں دھاڑ رہا تھا اور وہ لوگ ڈرے سہمے وہاں کھڑے تھے

مجھے ایک گھنٹے تک اس لڑکی کی تمام انفارمیشن چاہیے اور کام نہ ہونے کی صورت میں تم سب کی لاشیں یہاں ہو گی اب دفعہ ہو جاو یہاں سے سب(اس کی آواز پر سب غائب ہو جاتے ہیں وہ سب جانتے تھے کہ کام نہ ہونے کی صورت میں وہ سچ میں سب کی لاشیں بیچا دے گا

سب کے جانے کے بعد وہ اپنے موبائل پر کسی لڑکی کی تصویر نکالتا ہے)

تم صرف شامیر خان کی ملکیت ہو جنون ہو میرا تم اگر تم میری نہ ہوئی تو تمہارا یہ سر پرا عاشق دیوانہ اس دنیا کو آگ لگا دے

Posted On Kitab Nagri

یو آر اونلی مائن سویٹ ہارٹ

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ ریسٹورنٹ میں اپنی دوست لائبہ کے ساتھ داخل ہوتی ہے

لائبہ بے بی وہاں ونڈو کے پاس ٹیبل پر بیٹھتے ہیں

اوکے جانی

آرڈر دینے کے توڑی دیر بعد کھانا آجاتا ہے اور وہ دونوں کھانا کھانے کے ساتھ ساتھ باتوں میں بھی مصروف تھیں

اور بتاو شادی کب کرنے کا ارادہ ہے مجھے تیری شادی کا بہت بے صبری سے انتظار ہے

کیوں بھئی مجھ سے پہلے ہو گی تیری شادی پھر ہونگے تیرے بچے پھر تب تم سے پوچھوں گی شادی کرنی چاہیے کہ نہیں پھر جو تم کہو گی وہی کروں گی (اس کے بولنے پر ساتھ والے ٹیبل پر بیٹھا شخص حیران ہوتی نظروں سے انہیں دیکھتا ہے اس کے دیکھنے پر دونوں ایک نظر اس کی طرف دیکھ کر اپنی شرمندگی چھپاتے دوبارہ کھانے میں مصروف ہو جاتی ہیں)

بڑی مہربانی ہو گی تب بھی آپ کی (انہیں اندازہ ہو گیا تھا کہ وہ اونچا بول رہی تھیں جس سے اس پاس کہ لوگ ان کی طرف متوجہ ہو رہے تھے اس لیے اب وہ قدرے آہستہ آواز میں بولتی ہے

ہاہاہامہربانی تو ہو گی (وہ اس کے ہسنے پر دوبارہ اس کی طرف دیکھتا ہے اور پھر نظر نہیں ہٹا پاتا وہ اس کی زندگی کی پہلی لڑکی تھی جو چند پلوں میں اس کے دل کی دنیا ہلا چکی تھی)

Posted On Kitab Nagri

اچھا اب زیادہ دانت مت نکالو پہلے ہی کافی لیٹ ہو گئے ہیں اب چلو

او کے جانی

شامیر لائبہ کی تصویر دیکھ کر اس کے ساتھ پہلی ملاقات یاد کر کر کہ مسکرا رہا جب دروازو کی دستک پر وہ بگڑ تاثرات لیے دروازہ کی جانب دیکھتا ہے جہاں اس کا خاص ملازم مودب انداز میں اس کی اجازت کا انتظار کر رہا ہوتا ہے)

آجاو

سر یہ ان کی انفرمیشن

ہم تمہارے منہ سے سننا چاہتا ہوں

سر وہ حیدر شاہ کی سب سے بڑی بیٹی ہیں پنجاب یونیورسٹی سے بی۔اے کر رہی ہیں

اور حیدر شاہ اور ان کے بڑے بھائی شہیر شاہ نے اپنی زمینیں بیچ کر شہر میں اپنا کاروبار شروع کیا جس میں انہیں کافی کامیابی حاصل ہوئی ہے اور ہو رہی ہے

شہر کیوں منتقل ہوئے

کسی دشمنی کے باعث

ہمم اور

ا۔۔اور۔۔۔وہ شہیر شاہ کے بی۔۔۔بیٹے کے ساتھ منسوب ہے (وہ اس کے چہرے کے خطرناک حد تک بگڑے تاثرات دیکھ کر آہستہ آواز میں اٹک اٹک کر کہتا ہے)

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

دفع ہو جاو(وہ انتہائی سرد اور سخت لہجہ میں دھاڑتا ہے)

تم صرف میری ہو میں تمہیں کسی اور کا ہونے نہیں دونگا(جنونی انداز میں کہتے ہوے وہ سگریٹ سلگا کر اپنے لبوں میں رکھتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

دوہا اور زوہا اپنے لیکچرز لے کر اب کینٹین میں بیٹھی تھیں اور پیٹ پوجا کر رہی تھیں

کیس گزری بھائی کی شادی

بہت اچھی بہت مزہ آیا تم آتی اور مزہ آتا

یار ضرور آتی پر بابا کی طبیعت اچانک خراب ہو گی تھی

اوواب کیسی طبیعت ہے ان کی

بہتر ہیں اب

وہ دونوں باتیں کر رہی ہوتی ہیں جب ان کی ڈیپارٹمنت کی ایک لڑکی نویرا ان کے پاس آتی ہے جو ان سے ایک سال سینئر تھی وہ سلام دعا کے بعد داریکٹ دوہا سے سوال کرتی ہے)

تمہارا اگنی ہوئ ہے کیا یا رشتہ وغیرہ

نہیں آپ کیوں پوچھ رہی ہیں

نہیں ویسے ہی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہمم

یہ کیوں پوچھ رہی تھی (نویرا کے جانے کے بعد دوہا زوہا سے پوچھتی ہے)

دماغ خراب ہو گیا ہو گا

ہاہاہاہا تم بھی نہ

اوو ڈرائیور آ گیا ہے چلتی ہوں میں

اوکے اللہ حافظ

اللہ حافظ

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

شاہ مینشن میں سب اس وقت ڈائنگ ٹیبل پر موجود ڈینر کر رہے رہے تھے

ملائکہ مجھے نہیں کھانا یہ ہٹاو اس کو

آپی پلیز کھانا کھا لو میرا دماغ نہیں کھاو (وہ معصوم شکل بنا کر کہتی ہے تو ساتھ بیٹھا دائم ان کی بات پر مسکراتا ہے

کیا ہوا ہے (دائم ملائکہ سے پوچھتا ہے)

طبیعت نہیں ٹھیک اریٹیٹ ہو رہی ہے

اوو اچھا ویسے اس کا علاج ایک بندے کے پاس ہے

کس کے پاس (ملائکہ حیران ہوتی پوچھتی ہے)

Posted On Kitab Nagri

دی گرٹیٹ اضلان شاہ(اس کی بات پر ملائکہ بمشکل اپنی ہسی روکتی ہے)

ملائکہ دائم دھیان سے کھانا کھاو باتیں کم کرو رافیہ بیگم کے کہنے پر دونوں کھانا کھانے لگتے ہیں جبکہ وہ دونوں اپنے اوپر اضلان کی نظروں کو محسوس کر کے اس کی طرف دیکھتے ہیں جو انہیں ہی دیکھ رہا ہوتا ہے اضلان کے دیکھنے پر وہ دونوں آیک دوسرے کو دیکھ کر دوبارہ کھانے میں مصروف ہو جاتے ہیں

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

کھانا کھانے کے بعد لائبہ اپنے کمرے میں چلی جاتی ہے دائم اور ملائکہ باہر لان میں واک کر رہے تھے جب پیچھے سے اضلان کی آواز آتی ہے

ادھر اودونوں(وہ دونوں کرنٹ کھا کر پلٹتے ہیں جہاں وہ ان دونوں کو دیکھ کم گھور زیادہ رہا تھا)

گئے کام سے آج تو ملائکہ پلیز میری جان مجھے بچالو

بھائی آپ مجھے مرنے سے بچالینا میں اتنی جلدی مرنا نہیں چاہتی

میں ہوں نہ چلو تم

تم لوگ خود آو گے یہ میں آوں

آرہے ہیں بھائی(وہ دونوں ایک ساتھ کہتے اضلان کی طرف جاتے ہیں)

Posted On Kitab Nagri

ہمم کیا کہ رہا تھا یہ (اضلان کہ کہنے پر ملائکہ دائم کی طرف دیکھتی ہے جو مدد طلب نظروں سے اس کی جانب دیکھ رہا ہوتا ہے)

بھائی وہ آپی کی طبیعت نہیں ٹھیک بس

کیا ہوا اسے (ملائکہ کی بات کاٹ کر وہ پوچھتا ہے)

پتا نہیں کہ رہی تھی سر میں درد ہے

دیکھتا ہوں ابھی اس کو اور یہ کیا کہہ رہا تھا

کچھ نہیں بس و۔۔۔۔وہ طبیعت کا پوچھ رہے تھے بھائی

ہمم تم کہ رہی ہو تو یقین کر لیتا ہوں اور تم سدھر جاو

جی بھائی

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اضلان دروازہ پر دستک دے کر اندر داخل ہوتا ہے جہاں وہ صوفے پر بیٹھی سرخ سوجی ہوئی آنکھوں سے اس کی طرف ہی دیکھ رہی ہوتی ہے

کیا ہوا طبیعت زیادہ خراب ہے (وہ پریشانی سے اُس کی طرف بڑھتا ہے)

پتا نہیں (اپنے پاس بیٹھے اضلان کے کندھے پر سر رکھتے ہوئے کہتی ہے)

تمہیں تو بہت تیز بخار ہے میں ڈاکٹر کو فون کر کے آتا ہوں (وہ فون کرنے کے لیے اٹھتا ہے جب لائبہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے روکتی ہے)

Posted On Kitab Nagri

میرے پاس ہی رہیں پلیز

اوکے میں تمہارے پاس ہی ہوں لیکن تم بیڈ پر لیٹ جاو

نہیں میں یہی

اسکی بات پوری ہونے سے پہلے ہی وہ اسے اپنی باہوں میں اٹھا کر بیڈ کی طرف بڑھتا ہے

اضلان چھوڑو مجھے

چپ بلکل چپ آواز نہ آئے مجھے تمہاری دھیان کیوں نہیں رکھتی اپنا

(اس کے ڈپٹنے والے انداز پر وہ بمشکل آنکھیں کھول کر اسے دیکھتی ہے)

میں دو منٹ میں واپس آتا ہوں تم یہی بیٹھی رہنا

(وہ اسے ہدایت دیتا کمرے سے باہر نکلتا ہے جہاں شائستہ بیگم کھانے کی ٹرے پکڑے لائبہ کے کمرے کی طرف آ رہی تھیں)

کیا ہوا اضلان؟

وہ لائبہ کی طبیعت نہیں ٹھیک تو ڈاکٹر کو فون کرنے لگا تھا

اس لڑکی نے کھانا بھی نہیں کھایا میں دیکھتی ہوں اسے تم ڈاکٹر کو فون کرو

جی

اضلان ڈاکٹر کو فون کر کے اندر آتا ہے تو شائستہ بیگم اسے زبردستی کھانا کھلا رہی ہوتی ہیں اضلان کی توجہ لائبہ کے فون پر جاتی ہے جہاں بار بار کسی کی کال آ رہی ہوتی ہے وابریشن موڈ پر ہونے کی وجہ سے لائبہ کی توجہ اس طرف نہیں جاتی

Posted On Kitab Nagri

دوبارہ کال آنے پر وہ فون اٹھا کر کان سے لگاتا ہے اور اگلے ہی پل اس شخص کو آواز سن کر غصہ سے اس کی گردن کی رگیں تن جاتی ہیں

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اضلان غصے میں کمرے سے نکلتا ہے جبکہ فون پر اس کی گرفت سخت ہوتی جارہی تھی

ہیلو لائبہ کیا تو ڑی دیر تم سے بات کر سکتا ہوں۔

ہیلو-لائبہ -ایک بات پوچھنی تھی

کون؟ضبط سے اضلان کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔

کون بات کر رہا ہے؟لائبہ سے بات کروائیں یہ اُسی کا نمبر ہے

بکواس بند کرو اپنی جو پوچھا ہے اُس کا جواب دو زیادہ سوال مت کرو ورنہ جہاں ہو وہیں زندہ دفن کر دوں گا

اُس کے سوال نے اضلان کے غصے کو مزید بڑکایا تھا اضلان کے ڈھاڑنے پر وہ ایک پل کو ڈر گیا تھا اور اگلے ہی بل کال کاٹ دی تھی۔

وہ اپنا نے غصے کو کنٹرول کرتا واپس کمرے کی جانب بڑھا جہاں کمرے کے دروازے پر ڈاکٹر اور فارس کھڑے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ویک نیس کی وجہ سے بخار ہوا ہے اس کے بعد اُنہوں نے شاید کچھ کھایا نہیں جس سے بخار کافی تیز ہو گیا ہے کچھ کھانے کے بعد انہیں، یہ میڈیسن، دے دیں صبح تک طبعیت بہتر ہو جائے گئی اب میں چلتا ہوں۔

ٹھینک یو ڈاکٹر !فارس کہتا ہے

فارس ڈاکٹر کو باہر کا چھوڑنے جاتا ہے جب اضلان لاونج میں آتا ہے اور کسی کو فون کر تا ہے۔

ہیلو تمھیں ایک نمبر سینڈ کر رہا ہے ایک گھنٹے تک مجھے اس کی ساری انفرمیشن چاہیے (لہجہ میں سرد تاثر تھا)

اوکے باس !دوسری طرف وہ ہستے ہوئے کہتا فون دسکنٹ کر دیتا ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا اضلان پریشان الگ رہے ہو؟ (اضلان کسی گہری سوچ میں تھا جب فارس پیچھے سے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتا پوچھتا ہے)

نہیں کچھ نہیں میں ایسے ہی

ہمم چلو اب ریست کرو صبح ملتے ہیں گڈ نائٹ

گڈ نائٹ

Posted On Kitab Nagri

---

اضلان کافی دیر لاونج میں بیٹھا رہتا ہے جب شائستہ اور رافیہ بیگم لائبہ کو کھانا اور میڈیسن دے کر اپنے کمرے میں چلی جاتی ہیں تو اضلان لائبہ کے کمرے کی طرف بڑھتا ہے کمرے میں داخل ہوتے اُس کی نظر اُسے ڈھونڈتی ہے مگر وہ وہاں نہیں ہوتی ہے وہ کمرے سے ملحقہ ٹریس پر گیا جہاں وہ بیٹی کسی سوچ میں گم تھی اضلان اُس کے پاس بیٹھتا اور اُس کے بالوں میں آہستہ آہستہ اپنا ہاتھ پھیرنے لگتا ہے لائبہ اس کی پر انگلیاں کا لمس محسوس کرتی پر سکون ہوتی اضلان کے کندھے پر اپنا سر رکھتی ہے۔

کیا ہوا جاناں یہاں ٹھنڈ میں کیوں بیٹھی ہو پہلے ہی طبیعت خراب ہے چلو اندر

مجھے نہیں جانا اندر

کیوں؟

اضلان

جی جان اضلان

پلیز نہ مجھے اندر نہیں جانا

(وہ شرمائی بجھائی سیدھا اضلان کے دل میں اتر رہی تھی اُس کے لاڈ اور معومت سے کہنے پر اضلان کو اُس پر ٹوٹ کے پیار آتا ہے)

اچھا نہیں جاتے ریلکس

Posted On Kitab Nagri

کہتے ہی املان نے اپنے کندھوں پر لی گرم شال اتار کر لائبہ کے کندھوں پر دی اور ساتھ ہی آہستہ آہستہ اس کے سر پے ہاتھ چلانے لگا جس سے وہ پر سکون ہوتی اضلان سے باتیں کرتی کرتی سو گئی تھی۔

اضلان نے اُسے آہستہ سے اپنی باہوں میں اُٹھا کر کمرے میں بیڈ پر لٹایا اور کمبل سے اس پر دے کر لائٹ بند کرتا کمرے سے نکل گیا

ہمم کیا خبر ہے (دوسری طرف سے کہی گئی بات سن کر اضلان کے لیے اپنا غصہ قابو کرنا مشکل ہو رہا تھا۔ چھوڑوں گا نہیں تمہیں (کال دسکنکٹ کرتا اضلان دھاڑا تھا

---

عبدالرحیم اٹھو یار کب سے اُٹھا رہی ہوں

کیا ہوا (نیند کے خمار سے سرخ بوجھل آنکھوں کو ہلکا سا کھول کر اپنے سر پر کھڑی ملائکہ کو دیکھتا ہے)

www.kitabnagri.com

میں لیٹ ہو رہی ہوں کالج چھوڑ آو مجھے اٹھو پلیز

ابھی تو میں سویا تھا اپی عبدالرحیم!

اچھا اچھا اٹھ رہا ہوں رونا نہیں اُس کی آنکھوں میں پانی دیکھ کر وہ فوراً اُٹھ جاتا ہے۔

آپ نے میری آپی کو رولایا ہے (عبدلرحیم اُٹھ رہا تھا جب عبداللہ منہ پھولا کر کہتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

آپی اپ میرے ساتھ آجاو میں اور دائم بھائی آپ کو چھوڑ آتے ہیں

(عب ملائکہ کا ہاتھ پکڑ کر کہتا ہے)

او ہیلو دوفٹ کے بچے نکلو یہاں سے میری بہن ہے میں ہی چھوڑ کر آوں گا

نہیں میری بہن ہیں (ملائکہ ان دونوں کی باتیں باتیں سن کر ہستی ہوئی ان دونوں کے پیچھے کمرے سے باہر نکلتی ہے)

دائم بھائی آو آپی کو کالج چھوڑ آئیں (عبداللہ سیڑھیاں اترتے ہوئے دائم سے کہتا ہے

میں چھوڑنے جا رہا ہوں تم بیٹھو چپ کر کے

عبدالرحیم ملائکہ کا ہاتھ پکڑ کر باہر کی طرف بڑھتا ہے۔

آپی آپ میرے ساتھ جائیں گی

اوکے بے بی آپ بھی ہمارے ساتھ اجاو

ہم دائم بھائی کے ساتھ جائیں گے اس کے ساتھ نہیں (عبداللہ کہتا ہے)

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بالکل بھی (عبدالرحیم کچھ بولنے لگتا ہے جب دائم آکر اسے روکتا یے)

عداللہ آپ آپی کو عبدالرحیم الرحیم کے ساتھ جانے دو پیچھے سے ہم عبدالرحیم کے لیپ ٹوپ پر گیم کھلیں گے

پرامس

پرامس

Posted On Kitab Nagri

اوکے اب تم لوگ جاو ہم گھر پر ہیں۔اوکے اللہ حافظ برو(ملائکہ کہتی ہے)

اللہ حافظ

---

لائبہ کی طبیعت بہتر ہوتی ہے تو وہ ریڈی ہو کر نیچھے آتی ہے جہاں حمیرا رافیہ اور شائستہ بیگم بیٹھی ہوتی ہیں

کہاں جارہی ہو لائبہ (حمیرا بیگم پوچھتی ہیں)

دیٹ پے جارہی ہوں آپ چلیں گی ساتھ(لائبہ اپنی بائیں آنکھ دباتی ہستے ہوئے کہتی ہے)

ہاہاہا بدتمیز طبیعت کیسی ہے

بہتر ہے اب

کہاں جارہی تھی(رافیہ بیگم پوچھتی ہیں)

فرینڈز کے ساتھ لنچ کا پلان ہے

اچھا دھیان سے جانا شائستہ بیگم کہتی ہیں)

اوکے بائے اللہ حافظ

اللہ حافظ

Posted On Kitab Nagri

لائبہ لنچ کر کے جانے لگتی ہے جب ایک ویٹر اس سے ٹکراتا ہے اور کولڈ رنک لائبہ کے ڈریس پر گر جاتی ہے

سوری میم ایم ریلی سوری

اٹس اوکے (لائبہ کہتی واش روم کی طرف جاتی اور ڈریس کو صاف کر کے باہر نکلتی ہے جب اچانک کوئی اسے کھینچ کر ایک سائڈ پر لے جاتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اضلان تقریباپانچ بجے گھر آتا ہے

اسلام وعلیکم

والیکم اسلام

دائم باقی سب کہاں ہیں

بھائی ماما اور چھوٹی ماما اپنی کیسی فرینڈ کے گھر گئی ہیں اور بابا وغیرہ ابھی نہیں آئے

ہمم

Posted On Kitab Nagri

وہ بھی باہر گئ ہیں( اضلان کی نظریں کسی کو تلاش کرتی ادھر ادھر دیکھ رہی ہوتی ہیں تو دائم ان نظروں کا مطلب سمجھتے فوراً جواب دیتا ہے)

کہاں کس کے ساتھ( اضلان ایک دم پریشان ہو جاتا ہے)

ریلیکس برو فرینڈز کے ساتھ لنچ پے گئ تھی آتی ہو گئ بس

ہمم

کافی پیے گیں

نہیں

چلیں آپ بھابھی کا انتظار کریں ہم ذرا ریسٹ کر لیں( دائم کے چھڑنے والے انداز پے وہ اسے گھور کر دیکھتا ہے تو وہ فوراً وہاں سے غائب ہو جاتا ہے

اہ۔۔۔کیا بد تمیزی ہے جاہل انسان چھوڑو مجھے

ایسے کیسے جان من ابھی تو تم ہاتھ آئی ہوا بھی تو تمہارے ذریعے اضلان شاہ کو برباد کرنا

ک۔۔۔کیا۔۔۔ مطلب ہے چھوڑو مجھے ورنہ میں شور مچا دوں گی

ضرور مچاو شور کوئی نہیں سنے گا

کیوں کے جو میں کرنے والا ہوں اس کے بعد تم ویسے ہے چپ ہو جاو گی

چٹاخ

تمہاری اتنی ہمت تم مجھے پے زہیر علوی پے ہاتھ اٹھایا( اسے دھکا دیتے ہوئے اس پے ڈھاڑا اس سے پہلے کہ وہ گرتی کسی کے مضبوط ہاتھوں نے اسے گرنے سے بچا لیا)

Posted On Kitab Nagri

تمہاری ہمت کیسے ہوئی اسے ہاتھ لگانے کی (شامیر لائبہ کو کھڑا کرتا ایک دم دھاڑتا ہے تو وہ خوف سے دیوار کے ساتھ لگ جاتی ہے

چلے جاو یہاں سے ورنہ اس کے ساتھ ساتھ تمہارا حشر بھی بگاڑ دوں گا

اس کی بات پر شامیر کا غصہ سوا نیزے پر پہنچ جاتا ہے اور وہ ایک زور دار پنچ اس کے منہ پے مارتا ہے جس سے وہ منہ کے بل گرتا ہے

لائبہ روتے ہوے وہاں سے بھاگ کر پارکنگ میں کھڑی اپنی گاڑی کے پاس آتی ہے شامیر بھی اس کے پیچھے آتا ہے

پلیز رکیں آپ کی طبیعت نہیں ٹھیک میں آپ کو چھوڑ دوں گا

راستہ چھوڑیں میرا میں خود چلی جاؤں گی

وہ اپنے آنسو صاف کرتا سائد سے گزر کر گاڑی میں بیٹھتی ہے

سر وہ (شامیر لائبہ کی طرف متوجہ تھا جب پیچھے سے اس کے خاص آدمی کی آواز آتی ہے )

کیا؟؟

سر-----وہ---بھاگ--گیا

واٹ آیک آدمی نہیں سنبھالا جاتا تم لوگوں سے سب کے سب کام چور ہیں دفع ہو جاو

شامیر اپنی گاڑی میں بیٹھتا لائبہ کی گاڑی کے پیچھے جاتا ہے

لائبہ روتے ہوئے ریش ڈرایونگ کر رہی تھی جس سے شامیر پریشان ہو رہا تھا

شامیر کی جان میں جان آتی ہے جب لائبہ کی گاڑی شاہ مینشن میں داخل ہوتی ہے

Posted On Kitab Nagri

لائبہ روتے ہوئے لاونج سے گزرتی اوپر اپنے کمرے میں جاتی ہے

اضلان جو دائم کے جانے کے بعد اسے کال کرنے والا تھا اس روتے ہوے آتا دیکھ پریشانی سے اس کے کمرے طرف بڑھتا ہے

لائبہ کیا ہوا (اس کے روم میں داخل ہوتے ہوئے بولتا ہے پر وہ وہاں نہیں ہوتی واشروم سے پانی گرنے کی آواز سن کر وہ واشروم کی طرف بڑھتا ہے)

لائبہ اوپن دی دوڑ کیا ہوا ہے؟؟

لائبہ دروازو کھولو جاناں کیا ہوا ہے؟

لائبہ دروازو کھولو ورنہ میں اندر آجاوں گا

جب اس کے بار بار بلانے پر بھی وہ دروازہ نہیں کھولتی تو وہ دروازہ کھول کر اندر جاتا ہے اندر کا منظر دیکھ کر اس کے پاؤں ایک جگہ فریز ہو جائے ہیں وہ شاور کے نیچے ٹھنڈے پانی میں بیٹھی کانپ رہی ہوتی ہے وہ ہوش میں آتے ہی اس کی طرف بھاگتا ہے اور شاور بند کیے اسے اپنے حصار میں لیتا ہے

جاناں کیا ہوا بتاو مجھے کیسی نے کچھ کہا ہے بتاو میں اس کو چھوڑوں گا نہیں

سٹوپ ویپنگ رونا نہیں اب (وہ اس کے آنسو صاف کرتا پیار سے کہتا اسے ساتھ لیے واشروم سے باہر آتا ہے اور اس کی حالت کے پیش نظر اس سے کوئی سوال نہیں کرتا)

چپ بلکل چپ کچھ بھی نہیں ہوا میں ہوں نہ اب رونا نہیں ہے چلو جلدی سے کپڑے چینج کرو پہلے ہی طبیعت نہیں ٹھیک ٹھنڈ لگ جائے گئ (اس کی واردروپ سے آیک ڈریس نکالتا اسکی جانب بڑھتا ہے اور پیار سے اس کا گال تپتپاتا ڈریسنگ روم سے باہر روم میں آجاتا ہے پانچ منٹ بعد وہ کپڑے

Posted On Kitab Nagri

بدل کر باہر آتی ہے جہاں اضلان کھڑا اس کا منتظر تھا سوجی ہوئی لال آنکھیں بہت زیادہ رونے کا بتا رہی تھی اضلان کو اُس شخص پر بے انتہا غصہ ارہا تھا جس کی وجہ سے اس کی جان جو اس کا جنون ہے اس کی آنکھوں میں آنسو آئے تھے وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے آپنے حصار میں لیے صوفے پر بیٹھاتا اسے پانی پلاتا ہے وہ توڑا سا پی کر آنکھیں بند کرتی اپنا سر اس کے کندھوں پر دکھتی ہے اپنے بالوں میں مضبوط انگلیوں کا لمس محسوس کرتی وہ پر سکون ہو رہی تھی

کیا ہوا تھا؟ (توڑی دیر بعد اضلان پوچھتا ہے تو وہ آنکھیں کھولتی اس کی طرف دیکھتی ہے اس کی آنکھوں میں جھلکتا خوف اضلان کو بے چین کر دیتا ہے

ریلیکس جاناں بتاو مجھے کیا ہوا تھا میں ہوں تمہارے پاس تمہارے ساتھ

اضلان کے کہنے پر وہ اسے روتے ہوے سب کچھ بتا دیتی ہے اس کی بات سن کر غصہ سے رگیں تن جاتی ہیں

چپ رونا نہیں میری جان تو بہت بہادر ہے ہمم اب رونا نہیں تمہاری طبعیت نہیں ٹھیک لیٹ جاو اُس کو تو میں دیکھ لونگا (اسے بیڈ لٹا کر اچھے سے اس پر کمفرٹر دیتا آخر میں سخت لہجہ میں کہتا ہوا وہاں سے جانے لگتا ہے جب لائبہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے روکتی ہے)

کہاں جا رہے ہیں میرے پاس بیٹھے رہے

Posted On Kitab Nagri

اچھا بس کر دو لڑو نہیں (ملائکہ کہتی ہے)

آپی آپ میرے ساتھ او (عبد الرحیم ملائکہ کا بازو پکڑ کر اٹھتا ہے جب پیچھے سے لائبہ اور دوہا ملائکہ کا دوسرا بازو پکڑ اسے روکتی ہیں)

اوو چھوڑو ہماری بہن کو کہاں لے کر جا رہے ہو (دوہا کہتی ہے)

میں اپنی بہن کو جہاں مرضی لے کر جاو آپ کو اس سے کوئی مطلب نہیں ہونا چاہیے

ارے یار مجھے تو چھوڑ دو (ملائکہ کہتی ہے)

چھوڑ میری بہن کا ہاتھ (عبد الرحیم کہتا ہے)

نہ ہم نہیں چھوڑیں گے (لائبہ کہتی ہے) تم چھوڑو ہاتھ میری بہن کا (دوہا ملائکہ کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے کہتی ہے)

ملائکہ کہو اسے چھوڑ تمہیں (دوہا ملائکہ سے کہتی ہے)

کیا ہو گیا تم لوگوں

آپی چھوڑیں انہیں آپ میرے ساتھ آئیں

ابھی وہ تینوں ملائکہ کو ایک دوسرے کی طرف کھینچ رہے ہوتے جب اضلان امان اور دائم لاونج میں داخل ہوتے ہیں اور انہیں ایسے لڑتا دیکھ مسکراتے ہوئے سگے بڑھتے ہیں

کیا ہو گیا تم لوگوں کو چھوڑو اسے (دائم ملائکہ کو ساتھ لیے صوفے پر بیٹھاتا ہے)

بھائی یہ دیکھیں یہ دونوں مجھے آپی کے پاس بیٹھنے نہیں دیتے (عبد الرحیم دائم سے کہتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

کیوں بھئی کیا مسلہ ہے (دائم مصنوعی غصے سے پوچھتا ہے تو وہ دونوں حیرت سے اسے دیکھتی ہیں)

کیونکہ ہم باتیں کر رہے تھے

پتا نہیں کب سے باتیں کر رہے ہیں

تم چپ

اچھا بس بس لڑنا نہیں ہے (اضلان لائبہ کے ساتھ صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہتا ہے

آپ کمرے میں آکر ہماری بات سن لیں (اضلان لائبہ کے کان پاس جھکتے ہوئے کہتا ہے)

جی سن لیتے ہیں (لائبہ احسان کرنے والے انداز میں کہتی ہے)

اضلان اٹھ کر اپنے کمرے میں جاتا ہے اور توڑی دیر بعد لائبہ بھی وہاں سے اٹھ کر اضلان کے کمرے میں جاتی ہے

امان مسلسل ملائکہ کو اپنی نظروں کے حصار لیے ہوئے تھا جس سے وہ کنفیوز ہو رہی تھی

بھائی آپ جلدی سے فریش ہو جائیں میں چائے بنا کر لاتی ہوں

اوکے

ملائکہ چائے بنا کر دائم اور امان کو دے کر دوہا کو ساتھ لیے اپنے کمرے میں چلی جاتی ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

جی بولیں (لائبہ پیچھے سے اس کے سینے پر ہاتھ باندھتے ہوئے کہتی ہے)

Posted On Kitab Nagri

مجھے کچھ دنوں کے لیے اسلام آباد جانا ہے (اس کے کہتے ہے لائبہ اپنے ہاتھ ہٹاتی اس کے سامنے جا کر کھڑی ہوتی ہے)

کس خوشی میں (لائبہ کمرے پر دونوں ہاتھ رکھے غصہ سے اس کی طرف ہوئے پوچھتی ہے)

میٹنگز ہیں کچھ (وہ اس کے ہاتھوں کو اپنے لبوں سے لگاتا کہتا ہے)

میٹنگ یا میشن (وہ آنکھیں چھوٹی کرتی اسے گورتے ہوئے پوچھتی ہے جس پر کمرے میں اضلان کا قہقہ گونجتا ہے)

بیگم اتنا شک مت کیا کرو اپنے معصوم شوہر پر سچ میں بزنس کے سلسلے میں جانا ہے میں تم سے جھوٹ بول سکتا ہوں

نہیں

تو پھر

کب واپس آئیں گے

پتا نہیں کام پے ڈیپینڈ کرتا ہے

کام ختم ہو یا نہ ہو آپ جمعہ کو یہاں موجود ہوں صبائنہ کا نکاح ہے اور اس نے ہمیں انوائٹ کیا ہے اور ہمیں جانا ہے

تم چلی جانا یار

اضلان

جی جان اضلان (اضلان اس کے ماتھے پر لب رکھتا ہوئے کہتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

آپ جمعہ کو یہاں پر ہوں ورنہ میں آپ سے بولوں گی نہیں

اچھا بابا اجاوں گا اب آپ کی ناراضگی افورڈ نہیں کر سکتے

اچھا اب میری پیکنگ کر دو

اچھا میں کر دیتی ہو

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

امان اور اضلان اسلام آباد چلا گئے تھے جبکہ دوہا واپس ملک مینشن چلی گئی تھی جبکہ لائبہ نکاح کی شوپینگ میں مصروف ہو گئی تھی ایک ہفتہ یوں گزر گیا تھا اور آج صبائنہ کا نکاح تھا اضلان ابھی تک واپس نہیں ایا تھا جس کی وجہ سے لائبہ اس سے ناراض اپنے کمرے میں تیار ہو رہی تھی

تمہارے بھائی کو میں چھوڑو گی نہیں

میں نے کب کا چھوڑیے گا زور سے پکڑ کے رکھنا (ملائکہ ہستے ہوئے کہتی ہے)

تم بچ جاو مجھ سے

اچھا اچھا ناراض نہ ہوں جلدی نیچھے آئیں نکلنا بھی ہے پہلے لیٹ ہیں آپ

تم چلتی میرے ساتھ وہ ناراض ہو گی

طبیعت نہیں ٹھیک اور گھر پر بھی کوئی نہیں ہے

ماما اور بڑی ماما تو اپنی فرینڈ کی طرف گئی ہیں تو باقی سب کہاں

Posted On Kitab Nagri

ان کا بانس ڈنر تھا وہاں ں گئے ہیں

اچھا دھیان رکھنا اپنا

اوکے

امان اور اضلان ابھی شاہ مینشن پہنچے تھے اضلان نے ملائکہ کو لائبہ کو جلدی نیچھے لانے کو کہا اور خود دس منٹ میں ریڈی ہو کر نیچھے لائبہ کا انتظار کر رہا تھا جب نظر سیڑھیاں اترتی لائبہ پر پڑی تو پلٹنا ہی بول گئی

وائٹ کلر کی لونگ فراک جس پر گولڈن کلر کا گام ہوا تھا لائٹ میک اپ اور کھلے بالوں میں بہت حسین لگ رہی تھی

اضلان آپ اگئے (وہ بھاگتے ہوئے اس کے گلے لگتی ہے تو اضلان ہوش میں آتا ہے جبکہ ملائکہ اپنی ہنسی کنٹرول کر رہی تھی)

کیا ہو گیا بیگم

لیٹ ہو رہیں جلدی کریں آپ نے مجھے بتایا ہی نہیں آپ اگئے ہیں

اگر بتا دیتا تو یہ ریکشن کیسے دیکھتا (اس کی بات پر وہ مسکراتی ہے)

ملائکہ دھیان رکھنا اپنا (لائبہ ملائکہ سے کہتی ہے)

فکر نہیں کرو میں یہیں پر ہوں (امان کی آواز پر ملائکہ کرنٹ کھا کر پلٹتی ہے تو سامنے امان کھڑا ہوتا ہے جو مسکراتے ہوئے اسے ہی دیکھ رہا تھا)

اوو شکر ہے آپ اگئے چلیں ٹھیک ہے ہم چلتے ہیں

Posted On Kitab Nagri

بائے

بائے

کیا ہوا اتنا شوکڈ کیوں ہو رہی ہو (امان ان کے جانے کے بعد اس کے پاس جاتا زور سے اپنے گلے لگاتا ہے تو امان اس کی تیز دھڑکن صاف محسوس کر رہا تھا)

آپ کب آئے

ابھی توڑی دیر پہلے میں نے کی میری بیوی اکیلے ڈر نہ جائے

نہیں نہیں میں نہیں ڈرتی آپ جائیں (اس کی بات پر امان اسے گور کر دیکھتا ہے)

میرا مطلب ماموانتظار کر رہے ہونگے آپ کا

نہیں کر رہے آپ فکر نہیں کریں (امان اس کی ناک دباتے ہوئے کہتا ہے)

میں آپ کے لیے کھانے لے کر آتی ہوں (ملائکہ جانے لگتی ہے جب امان اسے کھینچ کر اپنی گود میں بیٹھاتا ہے)

میں کھانا کھا کر آیا ہوں اس ٹائم مجھے پیاس لگی ہے

میں پانی لا دیتی ہوں (اس کی بات سن امان کا دل کر رہا تھا کسی دیوار میں اپنا سر مار دے)

امان اسے دوبارہ بیٹھاتے اس کے ہونٹوں کو اپنی قید میں لیتا ہے تو ملائکہ اس کے سینے پر مکے مارتی ہے پر وہ پیچھے نہیں ہٹتا توڑی دیر بعد وہ اسے آزاد کرتا اس کا سر اپنے سینے سے لگاتا ہے جو لمبے لمبے سانس لے رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

پیچھے ہٹیں بہت برے ہیں آپ کوئی اور کام نہیں آتا

نہیں جب میں اپنی بیوی کے پاس ہوتا ہوں تب میں صرف رومینس کر سکتس ہوں (اس کی بات پر وہ سر تا پیر سرخ ہو جاتی ہے جبکہ امان اس کے چہرے پے آتے دلکش رنگوں کو دیکھ رہا تھا)

مجھے نیند آرہی میں سونے جارہی ہوں

اوکے میں بھی چلتا ہوں مجھے بھی بہت نیند آرہی ہے کافی تھک گیا سب بیگم آپ کا فرض بنتا کی آپ میری تھکاوٹ دور کریں

آپ پیدل چل کر نہیں آئے جو آپ تھک گئے ہیں اور اگر آپ نے سونا ہے تو دوسرے کمرے میں جا کر سوئیں میرے کمرے میں نہیں (ملائکہ کہتی ہی بھاگتے ہوئے اپنے کمرے میں جاتی دروازہ لوک کر دیتی ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

آج تو بیگم آپ بہت حسین لگ رہی ہیں نکاح پے جانے کی بجائے کہیں اور چلے جاتے ہیں

نہیں کوئی ضرورت نہیں پہلے ہی میں آپ کی وجہ سے لیٹ ہو گئ ہوں

میری وجہ سے

جی

اور کچھ میری وجہ سے ہوا ہے تو وہ بھی بتا دیں

Posted On Kitab Nagri

ہم آپ کی باتوں سے مزید لیٹ ہو رہے ہیں

بس کر دو بیگم پہنچ تو گئے ہیں

چلیں آپ آجائیں یہاں بیٹھ کر باتیں مت کریں (لائبہ گاڑی سے اترتے ہوئے کہتی ہے)

وہ دونوں اکھٹے اندر جاتے ہیں تو ہر کوئی انہیں دیکھ رہا تھا وہ دونوں ساتھ لگ ہی بہت پیارے رہے تھے

لائبہ اندر صبائنہ کے پاس چلی جاتی ہے جبکہ اضلان صبائنہ کے والد کے ساتھ بیٹھا باتیں کر رہا تھا

اے اللہ صوبی کتنی پیاری لگ رہی ہو کسی کی نظر نہ لگے (لائبہ صبائنہ کے گلے لگتی کہتی ہے جس نے وائٹ اور گولڈن کلر کے امتیاز کا لہنگا پہنا تھا بالوں کا سٹائلش جوڑھا بنائے سفید کلر کا دوپٹہ سائد پر ڈالا ہوا تھا اور ریڈ کلر کے دوپٹہ سے گھونگھٹ کیا تھا)

توڑی دیر پر نکاح کی رسم کے لیے صبائنہ کے والد اور مولوی صاحب کمرے میں آئے

صبائنہ شہباز ولد شہباز احمد آپ کا نکاح محمد جنید آشرف ولد محمد آشرف کے ساتھ بعوض پانچ لاکھ حق ماہر کیا آپ کو قبول ہے

قبول ہے

نکاح کی رسم کے بعد دلہن کو باہر لے جا کر دلہے کے ساتھ بیٹھایا

Posted On Kitab Nagri

اسلام و علیکم بھائی بہت بہت مبارک ہو(لائبہ اور اس کی دوستیں سٹیج پر جا کر انہیں مبارکباد دیتی ہیں
)

خیر مبارک

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ملائکہ دروازہ کھولو

میں نہیں کھولوں گی آپ تنگ کرتے ہیں مجھے

اب نہیں کرتا

نہیں آپ کا کوئی بھروسہ نہیں

کب تک چھپو گی مجھ سے اگر تم نے دروازہ نہیں کھولا تو میں خود کھول

نہیں جائیں یہاں سے اگر آپ اندر آئے تو میں آپ سے کبھی بات نہیں کروں پکا والا ناراض ہو
جاوں گی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے بابا یہ ظلم مت کرنا میں نہیں آتا اندر نہ ہی تمہیں تنگ کروں پر پلیز باہر آ کر مجھے ایک کپ
چائے بنا دو

اگر آپ نے تنگ کیا تو

نہیں کرتا بابا

اچھا ٹھیک ہے بنا دیتی ہوں (ملائکہ دروازہ کھولتے ہوئے کہتی ہے)

Posted On Kitab Nagri

توڑی دیر بعد رافیہ اور شائستہ بیگم گھر آجاتاہیں تو امان ملک مینشن چلا جاتا ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

توڑی دیر بعد کھانا کھا کر وہ لوگ کچھ رسمیں کرتے ہیں

جانی اب میں چلتی ہوں کافی دیر ہو گئی ہے

یار توڑی دیر اور رک جاتی

یار کافی لیٹ ہو گیا

چل ٹھیک ہے دھیان سے جانا

اوکے بائے (لائبہ صبائنہ کے گلے ملتی باہر آتی ہے جہاں اضلان گاڑی میں اس کا انتظار کر رہا تھا)

اضلان

جی جان اضلان

میں آپ کی جان ہوں (اس کے سوال پر اضلان مسکراتا ہے)

جی بلکل تم میری جان ہو میری زندگی تمہارے بغیر میں مر

کیا ہو گیا کیسی باتیں کر رہے ہیں (لائبہ اس کے ہونٹوں پر ہاتھ رکھتی ہے)

اچھا ناراض تو نہ ہو (اضلان اس کا ہاتھ پر اپنے لب رکھتا ہے)

آپ ایسی باتیں نہ کیا کریں

اچھا نہیں کرتا اب تم بتاو کیسی باتیں کرو

اب بس چپ کر جائیں

Posted On Kitab Nagri

لگتا ہے سب سو گئے ہیں (اضلان گاڑی پورچ میں کھڑی کرتے ہوئے کہتا ہے)

جی ماما کا فون آیا تھا میں نے انہیں بتا دیا تھا کہ ہم لوگ لیٹ ہو جائیں آپ سو جائیں

اچھا تم اندر جاو میں آتا ہوں

ہمم

لائبہ کپڑے چینج کر کے سونے کے لیے لیٹ جاتی ہے جب اضلان اس کے ساتھ آکر بیڈ پر لیٹتا ہے

آپ کو میرے بغیر آپ کو نیند نہیں آتی

نہیں

تو اسلام آباد کیسے سوتے تھے

کون سا تا تھا وہاں پر

ہائے اللہ آپ واقعی نہیں سوئے (لائبہ اٹھتے ہوئے کہتی ہے)

لیٹ جاو مجھے بہت نیند آرہی ہے

چلیں سو جائیں مجھے اب آپ کی آواز نہ آئے

اور کوئی حکم (اضلان مسکراتے ہوئے کہتا ہے)

نہیں

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

صبح لائبہ دس بجے اٹھتی ہے تو عبدالرحیم اور ملائکہ کالج اور فارس دائم اضلان اور حیدر صاحب آفس جا چکے تھے

Posted On Kitab Nagri

ابھی وہ ناشتہ کر کے اپنے روم آئی تھی جب اس کا فون بجتا ہے وہ دیکھتی ہے تو کوئی ان نون نمبر تھا تو وہ فون کاٹ کر سائڈ پر رکھ دیتی ہے پر بار بار فون آنے پر وہ کچھ سوچ کر فون اٹھا لیتی ہے

اضلان میرے قبضے میں ہیں اگر اس کی جان پیاری ہے تو سینڈ کیے ہوئے ایڈریس پر آدھے گھنٹے تک پہنچو (دوسری طرف سے آنے والی آواز سن کر اس کے پیروں تلے زمین نکل جاتی ہے)

کون ہو تم (دوسری طرف سے فون دسکنکٹ ہو چکا تھا)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ کال سن کر بہت پریشان ہو گئی تھی اس نے فوراً گاڑی لے کر اس کے بتائے ہوئے آڈریس پر پہنچتی ہے پریشانی میں اس نے کسی کو بتایا بھی نہیں ہوتا

وہ پہنچ کر گاڑی سے اتر کر ادھر ادھر دیکھتی ہے وہ ایک سنسان علاقہ تھا اور سامنے ایک پرانی عمارت تھی لائبہ اندر جا کر اضلان کو آوازیں دیتی ہے جب سامنے سے زہیر علوی آتا ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اضلان آفس میں بیٹھا کام کر رہا تھا جب اس کہ فون پر کسی انون نمبر سے کوئی ویڈیو آئی تھی جیسے ہی وہ ویڈیو دیکھتا ہے غصہ اور پریشانی سے اس کی آنکھیں لال ہو جاتی ہیں

اس ویڈیو میں لائبہ کسی عمارت میں داخل ہو رہی تھی جو بلکل سنسان علاقے میں تھی

Posted On Kitab Nagri

ابھی وہ ویڈیو دیکھتا رہا تھا جب اسی نمبر سے کال آتی ہے جیسے ہی وہ کال اٹھاتا ہے اگئے سے زہیر علوی کی آواز آتی

تیری بیوی مجھ سے خود ملنے آئی ہے

بکواس بند کر اپنی

ہاہاہا اتنا غصہ صحت کے لیے اچھا نہیں ہوتا اگر اپنی بیوی کو بچا سکتا تو بچا لے

بکواس بند کر اگر اسے ایک خراش بھی آئی تو تیرا وہ حال کروں گا کہ تو موت کی بھیک مانگے گا(اس کی آواز میں عجیب وحشت تھی جس سے ایک پل کو زہیر علوی کے دل میں بھی خوف آیا تھا)

یہ تو وقت بتائے گا کہ کون کس کا کیا کرتا ہے اپنی بہن کو تو بچا لیا تھا دیکھتے ہیں بیوی کو بچا پاتا ہے کہ نہیں (کہتے ہی وہ کال دسکنکٹ کر دیتا ہے)

چھوڑو گا نہیں میں تجھے (کہتے ہی وہ پاس پڑا واس اٹھا کر پوری شدت سے دیوار پر مارتا ہے)

کیا ہوا اضلان (امان جو کسی سلسلے میں اس سے بات کرنے میں آیا تھا سے اتنے غصہ میں دیکھ پریشان ہو جاتا ہے)

اس کی نمبر کی لوکیشن ٹریس کر جلدی

کیا ہوا ہے

اتنا ٹائم نہیں ہے تو کر

اچھا میں کر رہا ہوں

لوکیشن ٹریس کرتے وہ فوراً وہاں پہنچتے ہیں راستے میں اضلان امان کو ساری بات بتا تا چکا تھا

Posted On Kitab Nagri

عمارت میں داخل ہوتے انہوں نے زہیر علوی کے آدمیوں کو خاموش سے ٹھکانے لگایا اور آگے بڑے جہاں سے لائبہ اور زہیر کی آواز آرہی تھی

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

مائے سویٹ ہارٹ فائنلی تم آگئی کتنا انتظار کروایا ہے تم نے

تم

ہاں میں

اضلان کہاں ہے

ارے سویٹ ہارٹ وہ تو صرف تمہیں یہاں بلانے کے لیے کہا تھا

واٹ

یس بے بی اتنا غصہ مت کرو کہاں جارہی ہو ابھی تو ہاتھ آئی ہو

(لائبہ وہاں سے جانے لگتی ہے جب زہیر اس کا ہاتھ پکڑ کر روکتا ہے جس پر وہ ایک زور دار ٹانگ اس کے پیٹ پر مارتی ہے جس سے وہ منہ کے بل گرتا ہے)

آئندہ ہاتھ پکڑنے کی غلطی مت کرنا اور نہ ہی کمزور سمجھنے کی میں اضلان شاہ کی بیوی ہوں

اضلان جو پریشانی سے اندر ان طرف ارہا تھا لائبہ کی آخری بات سن کر اور زہیر علوی کو منہ کے بل گرتا دیکھ کر مسکراتا ہے

Posted On Kitab Nagri

تم نے اضلان کا سہارا لے کر مجھے بلایا تھا یہ سمجھ کر کہ وہ میری اور میں اس کی کمزوری ہوں پر تم نے بہت غلط سمجھا ہم دونوں ایک دوسرے کی طاقت ہیں نہ کہ کمزوری (لائبہ اس کی ناک پر مکا مارتے ہوئے کہتی ہے جس سے وہ دوبارہ اٹھنے کی ہمت نہیں کر پاتا)

آئی سمجھ یا اور سمجھاوں

ارے بس بس جانم باقی کا کام میں کر لوں گا (اضلان اس کا رخ اپنی طرف کرتے ہوئے کہتا ہے)

اضلان تم ٹھیک ہو (لائبہ اضلان کے چہرے کو اپنے ہاتھوں سے چھو کر دیکھتا ہے جب کہ اس کہ ایسے کرنے سے اضلان کو اپنے اندر سکون اترتا محسوس ہو رہا تھا)

جانم ریلیکس میں بلکل ٹھیک ہوں

اوو ہیلو لو برڈز تم لوگ یہاں مت شروع ہو جانا (امان زہیر علوی کو پکڑ کر اٹھاتے ہوئے کہتا ہے)

تو زیادہ بول مت (کہتے ہی وہ گاڑی کی چابی اچھالتا ہے جسے امان کیچ کر لیتا ہے)

اور اسے لے کر جا میں آتا ہوں توڑی دیر میں (کہتے ہوئے اس کی آنکھوں میں عجیب وحشت تھی)

تب تک میں اپنا حساب کلیر کر لوں (امان کہتے ہی اسے وہاں سے لے جاتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اس کے جاتے ہی اضلان لائبہ کو دیوار کے ساتھ پن کرتا ہے

کیوں آئی تھی تم یہاں عقل ہے تم میں اگر کچھ ہو جاتا تو

ایسے ہی کچھ ہو جاتا اور ویسے بھی وہ کہ رہا تھا کہ آپ کو کڈنیپ کر لیا میں پریشان ہو گئ تھی کچھ سمجھ ہی نہیں ارہا تھا

Posted On Kitab Nagri

اس میں اتنی ہمت نہیں کہ مجھے کچھ کہہ سکے یا کرے اور تم کم از کم مجھے ایک کال تو کر کہ دیکھ لیتی ( اضلان سنجیدگی سے کہہ رہا تھا)

اب آپ مجھے ڈانٹیں گے

حرکتیں تمہاری مار کھانے والی میں تو صرف ڈانٹ رہا

مجھے آپ سے بات نہیں کرنی جیاں مرضی جائیں آپ میری بلا سے (لائبہ غصہ سے کہتی وہاں سے نکلتی گاڑی میں آکر بیٹھنے لگتی ہے جب اضلان اسے بازو سے پکڑ کر دوسری طرف بیٹھاتا خود ڈراوینگ سیٹ سنبھالتا ہے)

کیا بدتمیزی ہے یہ نکلیں میری گاڑی سے

میں تو نہیں نکل رہا تم نکال سکتی ہو تو نکال لو

یہ آپ کس طرف جا رہے مجھے گھر جانا

خاموشی سے بیٹھی رہو

کیوں خاموش رہوں میں رو بولوں اور بول بول کر آپ کے کان اور دماغ کھاوں گی (لائبہ کی بات پر اضلان اسے گورتا ہے)

زیادہ گوریں نہیں مجھے ورنہ میں اپنی شوہر کو بتا دوں گی

کیا کرے گا وہ

وہ تو آپ کو بہتر پتا ہوگا نہ

Posted On Kitab Nagri

چلو اترو باقی باتیں اندر جا کر کرنا اپنے شوہر سے (اضلان اپنے فلیٹ کے سامنے گاڑی روکتے ہوے کہتا ہے جبکہ لائبہ اس کی بات کو اگنور کرتی وہی بیٹھی رہتی ہے اضلان اتر کر دوسری طرف آکر اس کی سائڈ کا دروازہ کھولتا ہے)

اجاو وائفی

نہیں مجھے گھر جانا

ایسے نہیں مانوں گی تم (اضلان اسے سمجھنے کا موقع دیے بغیر اسے اپنی باہوں میں اٹھاتا اندر کی طرف

بڑھتا ہے)

چھوڑیں مجھے گھر جانا ہے میں چھوڑوں گی نہیں آپ کو (لائبہ غصہ سے اضلان کے سینے پر مکے مارتے ہوئے کہتی ہے)

جنگلی بلی آج تو فل موڈ میں ہے (اضلان اسے صوفے پر بیٹھاتا خود ساتھ بیٹھتا ہے)

دور ہو کر بیٹھیں زیادہ چپک کر مت بیٹھیں

بیگم کیا ہو گیا (اضلان شدت سے اس کا گال چومتے ہوئے کہتا ہے)

میں ناراض ہوں اپ سے آپ نے ڈانٹا مجھے

جانم تمہیں سمجھانا بھی تو تھا نہ ایسے کوئی بھی فون کرے گا تو تم چلی جاو گی اگر خدا نخواستہ کچھ ہو جاتا تو (اضلان نرمی سے کہتا اسے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہے جو وہ سمجھ بھی جاتی ہے)

وہ میں پریشان ہو گئی تھی

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آئندہ خیال رکھنا

جی

ارے میری جنگلی بلی کو کیا ہوا (اضلان اس کا جھکا چہرہ اوپر کرتے ہوئے کہتا ہے)

وہ ایک بات کرنی تھی

ہمم کہو (اضلان اسے اپنی گود میں بیٹھاتے ہوئے کہتا ہے)

وہ فائل سمسٹر ختم ہو گیا کچھ دنوں تک ریزلٹ بھی آجائے گا تو میں

ہمم میں کیا (اضلان اپنا چہرہ اس کی گردن میں چھپائے بولتا ہے)

میں نے ایم بی اے کے لیے لنڈن جانا تھا (اس کی بات پر اضلان اسے آنکھیں چھوٹی کرتا گورتا ہے
)

اب ایسی تو نہ دیکھیں

نو نیور یہیں پر کرلو یار میں تم سے دور نہیں رہ سکتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب ملنے آجانا

میں نہ کہا نہ نہیں

اضلان

نو

اضلان پلیز میرا خواب ہے میں وہاں سے ایم بی اے کروں

اچھا ٹھیک ہے پر اتنی دیر میں تم سے دور کیسے رہوں گا

Posted On Kitab Nagri

آپ ملنے آتے رہیے گا

ہمم

اوو میرا بے بی اداس نہ ہوا ابھی تو میں آپ کے پاس ہی ہو (لائبہ اس کے گال پر اپنے لب رکھتی کہتی ہے جس سے اسے اپنے اندر سکون اترتا محسوس ہوتا ہے اس سے پہلے لائبہ اسے کچھ اور بولتی وہ اس کی سانسوں کو اپنی سانسوں میں قید کرتا ہے توڑی دیر بعد اس کی سانسوں کو آزاد کرتا اس کا سر اپنے سینے پر رکھتا ہے)

اب کو اور کوئی کا نہیں آتا

نہیں (اضلان ہستے ہوئے کہتا ہے)

اچھا اب اٹھیں گھر چلیں کافی دیر ہو گئی ہے ماما پریشان ہو رہی ہوں گی

ہمم چلو

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

شامیر ابھی اپنے کمرے میں بیٹھا کچھ کام کر رہا تھا جب عاسم آکر اسے بتاتا ہے کہ حیا اس سی ملنے آئی ہے

السلام علیکم

والیکم اسلام خیریت آپ یہاں

آپ سے کچھ کہنا تھا

جی کہیے سن رہا ہوں

Posted On Kitab Nagri

میں نے جب آپ کو پہلی دفعہ دیکھا تھا ایک انجانے سے احساس کے تحت میں آپ کی طرف کھیچی جارہی تھی تب مجھے اس جذبہ کا پتا نہیں تھا میں نے وقتی اٹریکشن سمجھ کر اگنور کیا پر آہستہ آہستہ آپ میرے دل ودماغ میں قابض ہونے لگے رات کو سوتے وقت اور صبح اٹھتے وقت سب سے پہلے خیال جو ذہن میں آتا تھا وہ آپ کا ہوتا تھا پتا نہیں کب پر مجھے آپ سے بے پناہ محبت ہو گئی اب آپ کے بغیر ایک لمحہ رہنے کا سوچ بھی نہیں سکتی

دیکھیں ابھی بھی وقت ہے پلیز لوٹ جائیں مرے سے محبت کر کہ آپ کو کچھ حاصل نہیں ہو گا آپ

اب میں نہیں لوٹ سکتی پلیز میری محبت کو ٹھکرایے گا مت (حیا روتا ہوئے بولتی ہے)

میں ٹوٹا ہوا شخص ہوں بکھر رہا ہوں

میں سنبھال لوں گی نہیں بکھرنے دوں گی

میں آپ کو محبت نہیں دے سکوں گا

میں آپ کو خود سے محبت کرنے پر مجبور کردوں گی

کبھی مجھے چھوڑ کر تو نہیں جائیں گی

کبھی نہیں آپ کے بغیر تو میں جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتی (اس کی بات پر وہ زور سے اسے اپنے سینے سے لگاتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ اور اضلان جب گھر پہنچے تو ڈنر کا وقت کا ڈنر خوشگوار ماحول

Posted On Kitab Nagri

کیا جاتا ہے جس میں لائبہ بتاتی ہے کہ وہ ایک ماہ بعد ایم بی اے کے لیے لنڈن جائے گی

ایک مہینہ کیسے گزرا کس کو پتہ نہیں چلا کل لائبہ کی فلائٹ تھی وہ ڈنر کر کہ تقریباً ساری پیکنگ کر چکی تھی ابھی وہ لیٹنے ہی لگی تھی جب اضلان روم میں داخل ہوتا ہے اور اسے زور سے گلے لگاتا ہے

کل میں تم سے مل نہیں سکوں گا ایک میشن کے لیے جانا ہے

کیا مطلب اب کل آپ

سوری جانم (کہتے ہی وہ اس کی سانسوں کو اپنی سانسوں میں قید کرتا ہے اس کے لمس میں شدت تھی جو لائبہ سہتے ہلکان ہو رہی تھی)

آئی لو یو آئی لو یو سو مچ میری جان اپنا بہت خیال رکھنا کوئی مسلہ ہو فوراً مجھے بتانا

اوکے مائے ڈیر ہبی اب آپ پریشان نہ ہوں (وہ اس کے گال پر اپنے لب رکھتی کہتی ہے جس سے اضلان کے چہرے پر مسکراہٹ آتی ہے)

چلو لیٹو سو جاو صبح جانا بھی ہے (اضلان اس کو ساتھ لیے بیڈ پر لیٹتا اس کی گردن میں اپنا چہرہ چھپائے آنکھیں بند کرتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Posted On Kitab Nagri

لائبہ سب سے مل کر فارس اور دائم کے ساتھ ایئرپورٹ کے لی نکلتی ہے راستے میں اس کی نظر ایک گاڑی پر پڑتی ہے جس میں اضلان کسی لڑکی کے ساتھ بیٹھا تھا وہ منظر دیکھ کر لائبہ کے اندر کچھ ٹوٹا تھا اضلان بھی لائبہ کو دیکھ چکا تھا

کیا ہوا گڑیا سب ٹھیک ہے (لائبہ کو سوچوں میں گم دیکھ کر فارس پوچھتا ہے)

جی بھائی (وہاں آنسو پر بندھ باندھتا مشکل سے جواب دیتی ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اضلان لائبہ کو بہت کالز کرتا ہے پر وہ اٹھا نہیں رہی ہوتی وہ کچھ غلط ہونے کے احساس سے کام جلدی ختم کر کے ایرپورٹ کے لیے نکلتا ہے لیکن وہاں پہنچ کر اسے پتا چلتا ہے کہ فلایٹ ٹیک آف کر چکی ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ کو لندن گئے دو ماہ گزر چکے تھے اس نے ایم بی اے میں ایڈمیشن لے کر سٹڈی شروع کر دی تھی وہ روز سب سے بات کرتی تھی سوائے اضلان کے اضلان اسے روز پتا نہیں کتنی دفعہ فون کرتا تھا پر وہ کال ریسیو نہیں کرتی تھی

اضلان ابھی بھی اسے کال کر رہا تھا پر وہ اٹھا نہیں رہی تھی وہ ٹائم دیکھتا ہے تو دو بجنے والے ہوتے ہیں وہ گاڑی کی چابی لیتا اٹھتا ہے اور پارکنگ کی طرف جاتا ہے پندرہ منٹ بعد وہ ملائکہ کے کالج کے باہر کھڑا تھا

اسلام و علیکم بھائی

والیکم اسلام گڑیا

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا بھائی آپ کچھ پریشان لگ رہے ہیں

نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہیں

پکا

ہاں میری جان (اضلان مسکراتے ہوئے کہتا ہے جب اس کا فون رنگ کرتا ہے وہ دیکھتا ہے تو امان کی کال ہوتی ہے)

ہاں بول

ہاں بس راستے میں ہیں

بھائی سامنے دیکھیں (سامنے سے آتا ٹرک ان کی گاڑی کمزور سے ہٹ کرتا ہے)

آہ

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

امان گھر پر اضلان کا انتظار کر رہا تھا پر وہ ابھی تک پہنچا نہیں تھا وہ فون نکال کر اسے کال کرتا ہے

کہاں ہے

جلدی کر (ابھی وہ کچھ اور بولنے لگا تھا جب اسے ملائکہ کی چیخ سنائے دی)

اضلان کیا ہوا سب ٹھیک ہے

ملائکہ

اضلان----------

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Posted On Kitab Nagri

تین سال بعد

یہ لندن میں بزنس ایوارڈ شو کا منظر ہے

the businesswomen of the year award goes to Laiba Haider

The most talented and the youngest women also a fashion icon and motivational speaker who achieved his success at an early age

please mam come on the stage and recieve your award

لائبہ مسکراتے ہوئے اپنی نشست سے اٹھتی سٹیج کی طرف جاتی ہے جبکہ پیچھے سے اس کے فینز کا خوب شور تھا

Mam Say somewords about your success

وہ لائبہ کو ایوارڈ کے ساتھ مائک پکڑاتے ہوئے کہتی ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Success requires hard work; you need to make some extra effort than others to achieve it. You need to have plans for your success and what it will look like when you achieve it. Try to make your passion your success, and you will never feel like you are pushing yourself to achieve it.

Posted On Kitab Nagri

Work hard in silence, let your success be your noise.

کہتے ہی وہ سٹیج سے اترتی ہے اور اس کے فینز زور دار تالیاں بجاتے ہیں جیسے ہی وہ وہاں سے باہر نکلتی ہے وہاں اس کے فینز کھڑے اس کا انتظار کر رہے ہوتے ہیں

وہ ہاتھ ہلاتے ہو گاڑی میں بیٹھتی ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اضلان آج ہی اپنا میشن کمپلیٹ کر کہ گھر آیا تھا

اسلام وعلیکم ماما

اسلام وعلیکم خالہ

والیکم اسلام بیٹا (رافیہ اور شائستہ بیگم ایک ساتھ جواب دیتے ہیں)

کیسا میرا بچہ

ٹھیک ہوں ماما آپ سنائیں گھر میں سب ٹھیک ہیں

ہاں سب ٹھیک ہیں تم تو ایک ماہ کا کہ کر گئے تھے دو ماہ بعد ارہے

وہ بس کام زیادہ تھا

بیٹا فریش ہو جاو میں کھانا لگاتی ہوں (شائستہ بیگم کہتی ہیں)

نہیں خالہ توڑی دیر ریسٹ کروں گا پھر کھانا کھاوں گا

چلو ٹھیک ہے

اضلان فریش ہو کر سٹڈی میں جاتا اپنا لیپ ٹوپ نکال کر کچھ بٹن دباتا ہے تو ایک روم کا منظر آتا ہے

Posted On Kitab Nagri

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ گھر آتی ہے تو وہاں ڈھیر سارے گفٹس پڑے ہوتے ہیں جو اضلان نے بھیجے تھے

اضلان نے ان تین سالوں میں لائبہ کی ہر کامیابی پر گفٹس بھیجتا تھا جنہیں لائبہ بہت سنبھال کر رکھتی تھی اسے اضلان نے کچھ دن پہلے گفٹس کے ساتھ لیٹر بھیجا تھا کیونکہ وہ کالز ریسیو نہیں کر رہی تھی جس میں اس نے اسے بتایا تھا کہ وہ اس کا میشن تھا اس پر لائبہ کو برا لگا کہ وہ اضلان کو اتنے سالوں سے غلط سمجھ رہی تھی پر وہ ابھی بھی اس سے بات نہیں کرتی تھی کہ اس نے یہ بات اسے پہلے کیوں نہیں بتائی

ابھی وہ اپنے کمرے میں جا کر اضلان کے گفٹس دیکھ رہی تھی جب اس کا فون بجتا ہے وہ دیکھتی ہے تو شائستہ بیگم کی کال ہوتی ہے وہ کال ریسیو کرتی کمرے سے باہر نکل جاتی ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لیپ ٹوپ پر لائبہ کے روم کا منظر واضح تھا جہاں وہ مسکراتے ہوئے گفٹس دیکھ رہی تھی اسے دیکھ اضلان کے ہونٹ خود بخود مسکراہٹ میں ڈھل جاتے ہیں کسی کی کال آنے پر وہ کمرے سے باہر جاتی ہے تو کمرے میں جاتا بیڈ پر لیٹتا ہے جب دائم دروازہ کھول کر اندر آتا ہے

بھائی آپ اگئے اور مجھ سے ملے بھی نہ (دائم اور عبد الرحیم اس کے سر پر کھڑے ہوتے معصوم شکل بنا کر کہتے ہیں)

آ گئے میرے شہزادے (اضلان بیڈ سے اتر کر ان کے گلے ملتا ہے)

بھائی ہم نے آپ کو بہت مس کیا

Posted On Kitab Nagri

میں نے بھی آپ کو بہت یاد کیا

اچھا اب جلدی سے جا کر فریش ہو جاو پر مل کر کھانا کھاتے ہیں

اوکے بھائی

اضلان لاونج میں جاتا فارس حیدر اور شہیر صاحب سے ملتا ہے اور سب مل کر کھانا کھاتے ہیں

کل ہم لوگ ملک مینشن جائیں گے دائم کے لیے دوہا ہاتھ مانگنے (شہیر صاحب کہتے ہیں جس پر دائم نیچھے منہ کرتا مسکراتا ہے جبکہ اس کی اس حرکت پر فارس اور دائم نے بہت مشکل سے اپنے قہقہ کا گلا دبایا تھا)

بابا پرسوں میں لندن جا رہا ہوں

ہم لائبہ کو ساتھ لے کر ہی اوگے

جی

ٹھیک ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

سب لوگ اس وقت ملک مینشن میں تھے دوہا اور دائم کی اگلی مہینے کی دو تاریخ کو بارات تھی

دوہا ویڈیو کال پر لائبہ سے بات کر رہی تھی جب اضلان اس کے پاس آتا ہے

آپ آجائیں نہ جلدی ملائکہ بھی نہیں ہے دل نہیں لگتا میرا

اوو میرا ابے بی رومت آجاوں گی میں

کب آئیں گی

Posted On Kitab Nagri

جب تمہارا بھائی مجھے منانے آئیں گے (اضلان اس کی بات سنتا مسکراتا ہے)

چلو ٹھیک ہے بعد میں بعد میں بات ہو گئی بائے

بائے

تو پھر آپ کب جا رہے میری بہن کون منانے (دوہا فون سائیڈ پر رکھتے ہوئے پوچھتی ہے)

کل

بیسٹ آف لیک

تھینک یو

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اضلان لندن کے وقت کے مطابق شام کے چھ بجے وہاں پہنچتا اس نے پہلے ہی سارا انتظام کیا ہوا تھا

اضلان صبائنہ کے ذریعے لائبہ کیلیئے لیا ہوا ڈریس اس تک پہنچھا تا ہے اور اسے نو بجے لائبہ کو لے کر آنے کا کہتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ بے بی میری ایک فرینڈ کی برتھڈے ہے اور تمہیں میرے ساتھ جانا ہے اب جلدی سے یہ ڈریس پہن کر اجاو

یہ کونسی دوست ہے تمہاری

ہے ایک اب تم جلدی کرو

یار آج بلکل موڈ نہیں ہے

Posted On Kitab Nagri

جانا ہے تم نے ورنہ میں ناراض ہو جاوں گی

اچھا اچھا جا رہی ہوں (وہ صبائنہ کے ہاتھ سے ڈریس لیتے ہوئے کہتی ہے )

یہ پہنوں (لائبہ ڈریس دیکھتے ہوئے کہتی ہے)

ہیں

زیادہ ہیوی نہیں ہو جائے گا بر تھڈے کے لحاظ سے

نہیں بلکل ٹھیک ہے جلدی ریڈی ہو جاو

ہمم اوکے

اس کے جاتے ہی صبائنہ اضلان کو ڈن کا میسج کرتی ہے

ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی ہو

(لائبہ ریڈ میکسی پہنے بالوں کی ہائی ٹیل کیے بہت حسین لگ رہی تھی)

تھینک یو بے بی اب تم بھی ریڈی ہو جاو

ہیں یار تم ڈرائیور کے ساتھ جا کر اس کا گفٹ لے او میں تب تک ریڈی ہو جاتی ہوں

ہمم اوکے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

آدھے گھنٹے بعد ڈرائیور کو ایک گھر کے سامنے اتارتا ہے وہ صبائنہ کو کال کرتی ہے کیونکہ کہ ڈرائیور جا چکا تھا

یار یہ کہاں چھوڑ کر گیا اور بتا بھی کچھ نہیں رہا تھا ایک دفعہ یہ میرے سامنے ہے میں اس کا

Posted On Kitab Nagri

ریلیکس بے بی تم اندر تو جاو میں نے ہی اسے کہا تھا

صبائنہ

ناراض نہ ہو اندر جا

جا رہی ہوں

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اضلان لائبہ کا انتظار کرتا ہے جب گاڑی کے ہارن کی آواز آتی ہے تو وہ سب لائٹس کو آف کروا دیتا ہے

جیسے ہی لائبہ اندر آتی ہے ہر گلاب کے پھول کی پتیاں تھی وہ ان پر چلتی ہوئی لان تک جاتی ہے جہاں ہر طرف کینڈلز جلدی اور ایک طرف

ای ایم سوری مائے لو لکھا ہوا تھا ابھی وہ سب دیکھ رہی تھی جب پیچھے سے اضلان اسے اپنے حصار میں لیتا ہے

ایم سوری جانم پلیز معاف کر دو اتنی سزا کافی ہے (اضلان اس کے کان کے پاس جھکتے ہوئے کہتا ہے ایک جھٹکے سے اس کا رخ اپنی طرف کرتا زور سے اپنے سینے سے لگاتا ہے)

پلیز معاف کر دو

نہیں کروں گی

کیوں جانم

Posted On Kitab Nagri

پہلے آ کر نہیں بتا سکتے آپ ایک دفعہ بھی مجھ سے ملنے نہیں آئے (لائبہ اس کے سینے پر مکے مارتے ہوئے کہتی ہے)

جانم سوری

دور ہٹیں

جانم اتنی دیر میں تم سے دور رہا ہوں آج تو سوچنا بھی مت

میں ناراض ہوں اپ سے

میں منا لوں گا (کہتے ہی وہ اس کے گال پر شدت سے لب رکھتا ہے)

پلیز جانم معاف کر دو (وہ اس کے ہاتھ پکڑے گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہوئے کہتا ہے تو لائبہ مسکراتی ہے)

ایسے معاف نہیں کروں گی پہلے کان پکڑیں

جانم (وہ آنکھیں چھوٹی کر تا اسے گھورتا ہے)

میں دوبارہ ناراض ہو جاوں

اوکے اوکے سوری جانم پلیز معاف کر دو (اضلان اپنے کان پکڑتے ہوئے کہتا ہے تو لائبہ مسکراتے ہوئے گھٹنوں کے بل بیٹھاتی اس کے ماتھے پر اپنے اپنے لب رکھتی ہے)

آئی مس یو

آئی مس یو ٹو جانم (وہ اس کا ہاتھ پکڑے ایک ٹیبل پر آتا اسے بیٹھاتا ہے)

کیا کھائیں گی آپ

Posted On Kitab Nagri

جو آپ کھلا دیں

اوکے (اضلان اس کو اپنے ہاتھوں سے کھانا کھلاتا ہے اور خود اس کے ہاتھوں سے کھاتا ہے کھانے کے بعد وہ اس کے لیے گانا گاتا ہے)

او ماہی وے۔۔ او ماہی وے۔۔

ماہی مینو چھڈ دیو نا

کے تیرہ بن دل ناہیو لگنا

جیتے وی تو چلنا آئے

ماہی میں تیرہ پیچھے پیچھے چلنا

تو جی سکدی نائی

میں جی سکدا نائی

کوئی دوسری میں شرتن وی رکھڑا نائی

کیا تیرہ بازوں میرا

سچین مہبتن وہ

ہو ماہی کتے ہور ناہیو ملنا

ہور ناہیو ملنا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جیتے وی تو چلیہا ہاں

ماہی میں تیرہ پیچھے پیچھے چلنا

(پیچھے پیچھے چلیہا)

وہ اسے اپنی باہوں میں اٹھائے کمرے میں داخل ہوتا ہے جہاں ہر طرف گلاب کے پھول کی پیتاں بکھری تھی

جاو چینج کر او تھک گئی ہو گی کل واپس بھی جانا

کہاں

پاکستان نہیں جانا کیا

ن۔۔ نہیں جانا

وہ چینج کر کہ آ کر بیڈ پر لیٹتی ہے جہاں اضلان اس کا انتظار کر رہا تھا

اور اس کے آتے ہی اس کو اپنے حصار میں لیے سو جاتا ہے آج کتنی دیر بعد وہ پر سکون ہو کر سویا تھا

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

آج سب لوگ شاہ مینشن آئے ہوئے تھے کیونکہ لائبہ تین سال بعد واپس ارہی تھ

تم ابھی تک یہاں بیٹھے ہو وہ لوگ پہنچنے والے ہوں گے جلدی جاو (رافیہ بیگم دائم کو کہتی ہیں)

جی ماما بس نکل رہے ہیں

چلیں (فارس کہتا ہے)

Posted On Kitab Nagri

میں بھی جاوں گا(عبدالرحیم کہتا ہے)

آجاو میرے شیر (فارس عبدالرحیم کو کہتا ہے اور وہ تینوں ایرپورٹ کے لیے نکلتے ہیں)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

جانم اٹھ جاو کتنا سونا ہے فلائٹ مس ہو جائے گی

میں تو اٹھی ہوئی ہوں آپ ہی نہیں اٹھ رہے (وہ فوراً اٹھ کر واش روم کی طرف جاتی ہے جبکہ اضلان اس کی بات پر اسے حیرت سے دیکھ رہا تھا وہ پچھلے ایک گھنٹے سے اسے اٹھا رہا تھا پر وہ اٹھ ہی نہیں رہی تھی

توڑی دیر بعد وہ دونوں ناشتہ کر کہ ایرپورٹ کیلیئے نکلتے ہیں

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

رات کے آٹھ بج چکے تھے فارس دائم اور عبدالرحیم ان کا انتظار کر رہے تھی جب عبدالرحیم کی نظر ان دونوں پر پڑتی ہے تو بھاگتے ہوئے جاتا لائبہ کے گلے لگتا ہے جبکہ اضلان فارس اور دائم سے ملتا ہے

آپی میں نے اپ کو بہت مس کیا

میں نے بھی بہت مس کیا میری جان

کیسی ہو میری جان (فارس پوچھتا ہے)

میں ٹھیک بھائی آپ کیسے ہیں اور میرے بھتیجے کیسے ہیں

وہ بھی ٹھیک ہیں

اسلام وعلیکم بھابھی (دائم ہستے ہوئے کہتا ہے)

بھائی

دائم تنگ نہیں کرو اسے

Posted On Kitab Nagri

کیسی ہے میری جان (دائم اسے گلے لگاتے ہوئے کہتا ہے)

ٹھیک ہو

چلو گھر چلتے ہیں سب لوگ انتظار کر رہے ہی (فارس کہتا ہے تو وہ سب گاڑی کی طرف جاتے ہیں)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

سب سے مل کر وہ لوگ لاونج میں بیٹھتے ہیں

پھپھو

جی میری جان

ادھل او (شایان (فارس کا بیٹا) اپنی توتلی زبان میں لائبہ کو کہتا ہے)

جی بولو (لائبہ اس کہ طرف جھکتے ہوئے کہتی ہے تو وہ اس کے گال پر کس کرتا ہسنے لگتا ہے جسے دیکھ باقی سب بھی ہستے ہیں)

اوئے چھوٹو تم میری بہن سے دور رہو (دائم مصنوعی غصے سے کہتا ہے)

چاچو آپ میرے بھائی کو ڈانٹ کیوں رہے ہیں (ریان لائبہ کے پاس آتے ہوئے کہتا ہے)

لو جی آ گیا تمہارا بھائی ورنہ تم نے مجھ سے بچنا نہیں تھا

کیسے چیپک کے بیٹھیں ہیں میری بہن کے ساتھ نکلو یہاں سے (دائم ان دونوں کو گورتا ہوا کہتا ہے تو وہ دونوں معصوم شکل بناتے ہیں)

چاچو۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اوو میں تو مذاق کر رہا تھا میں اپنے شہزادوں کو کچھ کہہ سکتا ہے (وہ باری باری دونوں کے گال چومتے ہوے کہتا ہے جس پہ وہ دونوں مسکراتے ہیں)

یہ امان بھائی نظر نہیں ارہے (لائبہ کہتی ہے جس پر اضلان مسکراتا ہے)

اس کو ابھی کام تھا آج ارہا ہے راستے میں ہے

اچھا میں نے اپ سب لوگوں بہت مس کیا تھا

ہم نے بھی ملائکہ بھی نہیں تھی نہ (دوہا کہتی ہے)

ہیں آجکل بیت مصروف رہتی ہے (عروج کہتی ہے)

ہیں بس سوات میں کیمپ لگا تھا وہاں اس کی ڈیوٹی تھی

اچھا

ہاں آج ارہی ہے امان کے ساتھ واپس

سچ میں وہ آرہی (دوہا اور لائبہ ایک ساتھ بولتے ہیں)

ہیں جی کرلیں یقین اسے لیے تو امان بھائی بھی وہاں ہے (دائم ہستے ہوے کہتا ہے جس پر باقی سب بھی ہستے ہیں)

آپ لوگوں نے مجھے بتایا ہی نہیں تھا ایکسیڈنٹ کے بارے میں

گڑیا آپ پریشان ہو جاتی اسلیے نہیں بتایا

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

تین سال پہلے

Posted On Kitab Nagri

امان بار بار اضلان خو فون کر رہا تھا پر وہ اٹھا نہیں رہا کر رہا تھا جب اچانک اسے اضلان کے نمبر سے کال آتی ہے

اضلان یار کیا ہوا تھا سب ٹھیک ہے

کیا

اوکے میں ارہا ہوں (دوسری طرف کوئی انجان آدمی تھا جس نے بتایا تھا کی ان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا اور وہ لوگ ہسپتال لے کر جا رہے اس کی بات سنتا وہ فوراً ہسپتال کے لیے نکلتا ہے راست اس نے فارس اور سالار کو فون کر کے بتا دیا تھا)

وہ پچھلے دو گھنٹے سے آئی سی یو کے باہر کھڑا تھا سالار فارس اور حیدر صاحب بھی وہی موجود تھے اضلان کو خم چوٹیں لگی تھی وہ خطرے سے باہر تھا اسلیے اسے روم میں شفٹ کر دیا تھا جب ملائکہ کا اب تک آپریشن چل رہا تھا توڑی دیر بعد ڈاکٹر باہر نکلتا ہے تو امان اس کے طرف بڑھتا ہے

ڈاکٹر میری وائف کیسی ہے

سوری ہم نے بہت کوشش کی پر ان کے سر پر چوٹ بہت گہری لگی تھی اور خون بھی بہت ضائع ہو چکا تھا جس کی وجہ سے وہ کوما میں چلی گئی ہیں

کیا بکواس کر رہو تم وہ بلکل ٹھیک ہے

سر

امان چھوڑ اسے (سالار امان کو پیچھے کرتا ہے)

سوری ڈاکٹر

Posted On Kitab Nagri

چاچو سنبھالنے خود کو (فارس حیدر صاحب کو سنبھالتے ہوئے کہتا ہے)

ڈاکٹر وہ کب تک ٹھیک ہو جائے

ہم کچھ نہیں کہ سکتے آپ لوگ دعا کریں انہیں ایک ماہ بھی لگ سکتا ہے اور ایک سال بھی (کہتے ہی ڈاکٹر وہاں سے چلا جاتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

اس حادثے کو ایک ہفتہ ہو چکا اضلان اب بلکل ٹھیک تھا وہ ابھی ملائکہ کے پاس بیٹھا تھا جسے روم میں شفٹ کر دیا تھا

میری جان پلیز اٹھ جاو بھائی کو تنگ نہیں کرو پلیز

اچھا ناراض ہو سوری گڑیا پلیز ناراض نہ ہو اٹھ جاو تمہارے بغیر ہمارا دل نہیں لگتا (اضلان اس کا ہاتھ پکڑے کہہ رہا تھا پر وہ کوئی رسپانس نہیں دے رہی تھی)

اضلان (فارس کمرے میں داخل ہوتا ہے تو ان دونوں کو دیکھ کر اس کا دل کٹ جاتا ہے اضلان سرخ بھیگی آنکھوں سے ملائکہ کو دیکھ رہا تھا)

بھائی اٹھ نہیں رہی ہے آپ کہیں نہ اٹھ جائے مجھے تنگ نہ کرے میری گڑیا تو مجھے بلکل تنگ نہیں کرتی (اضلان فارس سے کہتا ہے تو وہ آگے بڑھ کر اسے گلے لگا لیتا ہے)

اضلان سنبھالو خود کو ہم نے باقیوں کو بھی سنبھالنا ہے امان خو خالہ کو ماما کو ہمم

جی

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Posted On Kitab Nagri

بھائی مجھے پلیز اس کے پاس لے جائیں وہ میری بات ضرور مانے گی (دوہاروتے ہوئے سالار سے کہتی ہے)

میری جان وہ گھر آجائے گی آپ اس سے مل لینا آپ کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں ہے (سالار اسے پیار سے سمجھاتا ہے)

عروج سنبھالو اسے

جی

ماما ایسے روکر اپنی طبیعت خراب کریں گی تو پھپھو کو کون سنبھالے گا

اپنی بچی کو ایسی حالت میں دیکھا نہیں جاتا ہستی کھیلتی رہتی تھی اور اب بلکل خاموش ہو گئی ہے

وہ بہت جلد ٹھیک ہو جائے گی آپ دعا کریں

انشاءاللہ

میں ہاسپٹل جا رہا ہوں پھپھو کو بتا دیجیے گا

اچھا دھیان سے جانا

جی ٹھیک ہے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ملائکہ کو گھر لے آئے تھے اس کا پاس ہر وقت ایک نرس موجود رہتی تھی اس حادثے کے بعد سب بہت خاموش ہو گئے تھے دائم اور عبدالرحیم اکیلے ملائکہ کے پاس بیٹھے رہتے تھے امان کی بھی یہی حالت تھی سب لوگ بہت پریشان تھے

Posted On Kitab Nagri

آج ایک ماہ ہو گیا تھا پر ملائکہ ہوش میں نہیں آئی تھی ابھی امان اس کے پاس تھا

اٹھ جاو پلیز یار نہ تنگ کرو اتنا پلیز میں بلکل تنگ نہیں کروں گا تمہاری ہر بات مانوں گا (وہ اس کا ہاتھ پکڑے اسے سے بات کر رہا تھا جب اضلان کمرے میں داخل ہوتا ہے)

اضلان تم کہو تمہارے بات مانتی ہے نہ پلیز کہ اسے

گڑیا پلیز اٹھ جاو اب ہم میں اور ہمت نہیں ہے (اضلان ابھی بول رہا تھا جب امان کی نظر ملائکہ کی ہلتی انگلیوں پر پڑتی ہے)

اضلان ملائکہ موو کر رہی ہے

ملائکہ میری جان پلیز اٹھو

وہ ہلکی آنکھیں کھولتی ہے

ملائکہ میری جان تم ٹھیک ہو (امان اس کے ہاتھ پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے جس پر وہ اپنے سر کی طرف اشارہ کرتی ہے)

کیا ہوا درد ہو رہا ہے گڑیا بتاو مجھے (اضلان پوچھتا ہے جس پر وہ ہاں میں سر ہلاتی ہے)

تم یہیں بیٹھو میں ڈاکٹر کو فون کرتا ہوں

جلدی

آپ لوگوں کی دعائیں رنگ لائیں ہیں ورنہ کوئی چانسز نہیں تھے ان کے ہمیں بلکل امید نہیں تھی

ویسے اب یہ ٹھیک ہیں پر سر میں چوٹ گہری تھی آپ یہ میڈیسن ایک ہفتہ اور دیں انہیں

Posted On Kitab Nagri

اوکے تھینک یو ڈاکٹر

مائے پلیر

سب لوگ بہت خوش تھے اور اللہ کا شکر ادا کر رہے تھے سب اس کے پاس بیٹھے کوئی نہ کوئی بات کر رہے تھے لائبہ کو اس حادثے کے بارے میں نہیں بتایا تھا وی پریشان ہو جاتی اور انہیں ایک اور خوشخبری ملی تھی فارس باپ بننے والا تھا اور امان اور ملائکہ کے نکاح کے بارے میں بھی سب کو پتا چل گیا تھا جس پر دوہا اسے بہت تنگ کرت تھی

وقت بہت جلدی سے گزر رہا تھا ملائکہ کا ایم بی بی ایس کمپلیٹ ہو گیا تھا سالار کا بیٹا ریان دو سال ہو گیا تھا جبکہ فارس کا بیٹا شایان ایک سال کا تھا دونوں اپنے چاچوں پر گئے تھے شایان اضلان کی کوپی تھا جبکہ ریان امان کی کوپی تھا دونوں کی دوستی بھی بلکل ان دونوں جیسی تھی ان دونوں کی شرارتوں سے ہر وقت گھر میں رونق رہتی

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حال

ابھی وہ لوگ بیٹھے باتیں کر رہے تھے جب گاڑی کے ہارن کی آواز آتی ہے

لو آگئے (دائم کہتا ہے جس پر سب مسکراتے ہیں)

شایان اور ریان دونوں لان میں کھیل رہے تھے جب ملائکہ خو گاڑی کو گاڑی سے اترتے دیکھتے ہیں تو اس کی طرف بھاگتے ہیں

پھپھو پھپھو

Posted On Kitab Nagri

میرے شہزادے کیسے ہو دونوں (وہ گھٹنوں کے بل بیٹھتی دونوں کو اپنے گلے لگاتی ہے جبکہ وہ دونوں اس کے گال چومتے ہیں)

ہم ٹھیک ہیں آپ کیسی ہیں

میں بھی ٹھیک ہوں

ارے یار مجھ سے بھی مل لو ہر (امان ان کے پاس آتے ہوئے کہتا ہے)

چاچو (وہ دونوں ہستے ہوئے امان کے پاس جاتے ہیں)

چلو اند چلیں (امان کہتا ہے)

پھپھو (شایان بازو اوپر کو پھیلائے ملائکہ کو بتاتا ہے جس کا مطلب ملائکہ سمجھتے ہوئے اسے اپنی گود میں اٹھاتی ہے جبکہ ریان نے ملائکہ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا)

میری بہن پر قبضہ کر لیا تم لوگوں اندر رو آنے دیتے اسے (دائم ہستے ہوئے ان دونوں سے کہتا ملائکہ سے ملتا ہے سب سے مل کر وہ ڈنر کرت ہیں)

ہم نے مل کر ایک فیصلہ کیا ہے کہ دائم اور دوہا کے ساتھ ملائکہ اور لائبہ کی بھی رخصتی کر دیں اب آپ لوگوں نے جو تیاری کرنی ہے ابھی سے شروع کر دو (شہیر صاحب کہتے ہیں)

جی ٹھیک ہے (رافیہ بیگم مسکرا کر کہتی ہیں

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

ڈنر کے بعد سب لاونج میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے

ملائکہ یار میری بات سمجھو یہ ڈیزائن زیادہ اچھا وہ بہت پرانا ہے (لائبہ ملائکہ سے کہتی ہے)

Posted On Kitab Nagri

ہیں (جس پر عروج اور شانزے اس کی ہاں میں ہاں ملاتی ہیں)

پر یار یہ زیادہ ہیوی نہیں ہو جائے گا

ملائکہ میری جان تم برائڈل ہو (دوہا اسے گورتے ہوئے کہتی ہے)

ملائکہ میلی دان تم سمجو یہ تم پے بت پیالا لدے گا (ملائکہ میری جان تم سمجھو یہ تم پے بہت پیارا لگے گا)

شایان جو ملائکہ کی گود میں بیٹھا تھا اپنی توتلی زبان میں بولتا ہے جس پر سب ہستے ہیں

اوکے میری جان میں یہی پہنوں گی (ملائکہ اس کے گال چومتے ہوئے کہتی ہے)

چلو بچو اب لیٹو جا کر اتنا سفر کر کہ آئے ہو تھک گئے ہو گے (رافیہ بیگم کی کہنے پر سب مسکراتے ہوئے اپنے کمروں میں چلے جاتے ہیں)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

لائبہ کپڑے چینج کر لیٹنے لگتی ہے تو اس کی نظر اضلان پر پڑتی ہے جو مزے سے بیڈ پر لیٹا تھا

ابھی جاو یار (اضلان اسے بازو سے پکڑ کر بیڈ پر لیٹاتا ہے)

www.kitabnagri.com

توڑے دن صبر کر لیں آپ کے کمرے میں ہی آنا ہے میں نے

مجھے تمہارے بغیر سکون نہیں ملتا

اب سو جاو بہت کام ہیں مجھے کل (اضلان اس کے گال پر لب رکھتا ہوئے کہتا ہے جس پر وہ مسکرا کر اپنی آنکھیں بند کر لیتی ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Posted On Kitab Nagri

شادی کی تیاریاں عروج پر تھی آج دوہا اور دائم کا نکاح تھا کل ان تینوں کی مہندی تھی اور نکاح اور مہندی کے فلکشن کا انتظام شاہ مینشن میں کیا تھا

بھابھی دوہا ریڈی ہو گئی ہے (ملائکہ عروج سے پوچھتی ہے)

ہیں ہو گئی ہے اب تم بھی جلدی سے ریڈی ہو جاو اسے مجھے دے دو (عروج ملائکہ کی گود ریان کو لیتے ہوئے کہتی ہے)

اوکے میں ریڈی ہو کر آتی ہوں

ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی ہو (عروج دوہا کی نظر اتارتے ہوئے کہتی ہے)

ہیں آج تو دائم بھائی تمہیں دیکھتے رہ جائیں گے (لائبہ ہستے ہوئے کہتی ہے)

اومائے گوڈ تم بلش کر رہی ہو (شانزے اس کا سرخ چہرہ دیکھتے ہوئے کہتی ہے)

نہ تنگ کریں میری بہن کو (ملائکہ کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہتی ہے)

اچھا بھئی نہیں تنگ کرتے (عروج کہتی ہے)

ہاں وہ ایک بات تو بتانا ہی بول گئی آپ کو اضلان بھائی یاد کر رہے ہیں (ملائکہ لائبہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے)

مجھے

ہاں اب جاو جلدی

Posted On Kitab Nagri

اچھا

لائبہ اضلان کے کمرے داخل ہوتی ہے تو اضلان اسے دیکھتا رہ جاتا ہے وہ وائٹ کلر کی ساڑھی پہنے جس پر گولڈن کلر کا بہت نفیس کام ہوا تھا اور بال کھولے سیدھا اضلان کے دل میں اتر رہی تھی

آپ نے بلایا (لائبہ کی آواز سے اضلان ہوش کی دنیا میں واپس آتا ہے)

آج اپنی اداوں سے قتل کرنے کا ادارہ ہے کیا (اضلان اس اپنی طرف کھینچتا ہے جس سے وہ سیدھا اس کے سینے سے آ کر لگتی ہے)

اضلان سب نیچے ویٹ کر رہے ہیں میرا دل کر رہا ہے میں تمہیں کہیں چھپا لوں اور کہیں دور لے جاو جہاں میرے اور تمہارے علاوہ کوئی نہ ہو (اضلان جھکتے ہوئے اس کے ماتھے پر لب رکھتا ہے تب اس کا فون بجتا ہے)

اسے بھی سکون نہیں (وہ غصے سے فون پر امان کی کال دیکھتے ہوئے کہتا ہے جبکہ لائبہ اس کی شکل دیکھ کر ہس رہی تھی)

بہت ہسی ا رہی ہے تمہیں رو کو میں بتاہوں تمہیں (اضلان لائبہ کی طرف بڑھتا ہے جبکہ لائبہ اس کا ارادہ بھانپتے فوراً کمرے سے نکل جاتی ہے

توڑی دیر بعد نکاح کی رسم ہوتی ہے جس کے بعد دوہا باہر لے جا کر دائم کے ساتھ بیٹھایا جاتا ہے

دائم دوہا کو دیکھ کر دل پر ہاتھ رکھتا ہے وہ وائٹ لہنگے پر سرخ رنگ کے دوپٹہ کو سر پر لیے اس کے دل میں اتر رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

اف بیگم آج تو اپ نے میرے ہوش اڑا دیے ہیں (دائم اس کے کان کے پاس جھکتے ہوئے کہتا ہے جس پر دوہا اسے گور کر دیکھتی ہے)

اس ایسے دیکھو گی تو میں کنٹرول نہیں کر پاوں گا (دائم ایک آنکھ دباتا کہتا ہے جس سے دوہا کا چہرہ پل میں سرخ ہو جاتی ہے)

ماشاءاللہ میری بیٹیاں بہت پیاری لگ رہی ہیں (رافیہ بیگم ملائکہ کو اپنے گلے سے لگاتی کہتی ہیں جس نے وائٹ اور گولڈن کلر کے امتیاز کا شرارہ اور شورٹ شرٹ پہنی تھی جبکہ عروج اور شانزے نے وائٹ اور گولڈن کلر کی لونگ فراک پہنی تھی)

نکاح کے فنکشن کے بعد سب لوگ آرام کرنے چلے جاتے ہیں کیونکہ کے کل مہندی تھی

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

فارس سارا کام ہو گیا

جی ماما ابھی دیکھ کر آیا ہوں سارا کام ہو گیا ہے

اچھا چلو ٹھیک ہے

کیا ہو گڑیا اتنی جلدی میں کہاں جا رہی ہو

بھائی وہ ملائکہ کے سر میں درد ہو رہی ہے اس کے لیے چائے بنانے لگی تھی

کیا ہو گیا میری بچی ہو کل اتنی پیاری لگ رہی تھی کسی کی نظر لگ گئی ہو گی

بیٹا چائے کے ساتھ میڈیسن بھی لے آنا میں اس کے پاس جا رہی ہوں

او کے بڑی ماما

Posted On Kitab Nagri

رافیہ بیگم ملائکہ کو میڈیسن دے کر توڑی دیر سونے کا بول کر باہر آگئی تھی

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

تقریباً شام کے پانچ بج رہے تھے جب امان دوہا کے پاس آتا ہے

گڑیا ملائکہ کدھر ہے

بھائی وہ اپنے کمرے میں ہے

اچھا (کہتے ہی وہ ملائکہ کے کمرے کی طرف جاتا ہے وہ کمرے میں داخل ہوتا ہے تو نظر بیڈ پر لیٹی وجود پر پڑتی ہے جسے دیکھ کر اس کے ہونٹ خود بخود مسکراہٹ میں ڈھل جاتے ہیں وہ آہستہ آہستہ اس کی طرف قدم بڑھاتا ہے)

ملائکہ میری جان اٹھ جاو کتنا سونا ہے (امان اس کے کان پاس جھکتے ہوئے کہتا ہے)

توڑی دیر بعد اٹھتی ہوں (ملائکہ نیند میں کہتی ہے)

نہیں فوراً اٹھو (امان اسے دوبارہ کہتا ہے)

ملائکہ (امان اس کے اوپر جھکتے ہوئے کہتا جب ملائکہ اپنے اوپر کچھ محسوس کر کے آنکھیں کھولتی ہے روامان کو اپنے اوپر جھکا دیکھ کر اس کے منہ سے چیخ نکلتی ہے جبکہ امان فوراً اس کے منہ پر اپنا ہاتھ رکھتا ہے)

جاناں سب کو کمرے میں بلانے کا ارادہ ہے کیا

آپ یہاں کیا کر رہے ہیں

میں اپنی بیوی سے ملنے آیا تھا سنا تھا کہ سر میں بہت درد ہے میں نے سوچا خریت معلوم کر لیں

Posted On Kitab Nagri

میں ٹھیک ہوں اب آپ جائیں

پہلے تمہیں میری ایک بات ماننی پڑے گی

کیا

مجھے کس کرنی پڑے گی

آپ مجھے تنگ کر رہے ہیں جائیں یہاں سے

نہیں جب تک تم میری بات نہیں مانو گی میں نہیں جاوں گا

اچھا ٹھیک ہے آنکھیں بند کریں اپنی

جو حکم (امان اپنی آنکھیں بند کرتا کہتا ہے ملائکہ اس کی بند آنکھوں کو دیکھ توڑا سا اوپر کو اٹھتے ہوئے اس کے گال پر اپنے لب رکھتی فوراً پیچھے ہوتی اپنا چہرہ کمفرٹر میں چھپاتی ہے اس کی حرکت پر کمرے میں امان کا قہقہ گونجتا ہے)

اب جائیں یہاں سے

اچھا جا رہا ہوں اٹھ جاو تم (کہتے ہی وہ کمرے سے باہر نکلتا ہے)

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

مہندی کا فنکشن شروع ہو چکا تھا لائبہ ملائکہ اور دوہا پیلے رنگ کی ایک جیسی فراکس پہنے آسمان سے اتری حوریں لگ رہی تھی

سب سے پہلے دوہا اور دائم کی مہندی کی رسم کی پھر ملائکہ اور امان اور اخر میں اضلان اور لائبہ کی رسم کے وقت انہوں نے خوب مستی کی تھی اب اچانک لائٹس آف ہوئی تھیں اور ساتھ میوزک

Posted On Kitab Nagri

اون ہوا تھا اور چند لائٹس کی روشنی میں لائبہ ملائکہ اور دوہا سٹیج سے اترتی دانس کر رہی تھی وہ تینوں ایک جیسے سٹیج کرتی اپنے دلہوں کو حیران کر گئی تھی جو دل تھامے انہیں دیکھ رہے تھے

مہندی کے فکشن کے بعد ینگ پارٹی کافی دیر تک لاون میں انجوائے کرتی رہی اور تقریباًرات کے دو بجے اٹھ کر فارس کے کہنے پر اپنے کمروں میں گئے

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

آج بارات تھی گھر مہمانوں سے بھرا ہوا تھا فارس ان تینوں کو پارلر چھوڑ آیا اور اب باقی کے انتظام دیکھ رہا تھا

تقریب سات بجنے والے تھے جب وہ سب ہال کے لیے گھر سے روانہ ہوئے تھے

سالار پہلے ان تینوں کو ہال چھوڑ آیا تھا بارات کے آنے کے بعد وہ تینوں عروج اور شانزے کے ہمراہ چلتی سٹیج تک آتی ہے وہاں کھڑا ہر شخص ان جوڑیوں کو دیکھ کر ماشاءاللہ کہ رہا وہ تینوں ایک ساتھ نظر لگ جانے کی حد تک پیارے لگ رہے تھے رافیہ شائستہ اور محرم بیگم اپنی بچوں کو دیکھ کر دل ہی دل میں ان کے لیے دعا گو تھی

اضلان سب ہمیں دیکھ رہے ہیں کیا ہو گیا (لائبہ مسلسل اضلان کو اپنی طرف دیکھتا محسوس کر کے کہتی ہے)

جانم آج تم سے نظریں نہیں ہٹ رہی (اضلان اس کی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے اپنے نزدیک کرتا ہے)

اضلان

Posted On Kitab Nagri

آئی لو یو سوچ میری جان تم میرا سکون ہو تمہارے آنے سے میری زندگی مکمل ہو گئی

♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□♥□
♥□

وہ سب ایک دوسرے کے لیے کافی تھے ان کو کسی اور دوست کی ضرورت نہیں تھی مشکل پریشانی خوش میں وہ سب ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوتے تھے اب اگئے ایک حسین زندگی ان کی منتظر تھی

The End

♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡♡

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com